# مُناجاتِ مقبول

مُرتّب

حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

ترجمہ

مولانا محمد مصطفےٰ خان بجنوری رحمہ اللہ

نظرِ ثانی

مولانا عبد الماجد دریابادی قدس سرہٗ

مع

# چالیس مسنون دُعائیں

مؤلف

مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری رحمۃ اللہ علیہ

تصحیح وتخریج چالیس مسنون دُعائیں

مولوی عبد الحمید کشمیری ظلہ

فاضل جامعہ دار العلوم کراچی، مدرس مدرسہ عثمانیہ، بہادر آباد

البُشریٰ

ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ رجسٹرڈ

Scanned with CamScanner

# مُناجاتِ مقبول

مُرتّب

حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

۱۲۸۰ - ۱۳۶۲ھ

ترجمہ

مولانا عبدالماجد دریابادی قدس سرہٗ

۱۹۷۷ء

مع

# چالیس مسنون دُعائیں

مؤلف

مولانا محمد عاشق الٰہی بلندشہری رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۴۳ھ - ۱۴۲۲ھ

تصحیح وتخریج

مولوی عبدالحمید صاحب کشمیری

فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی، مدرس مدرسہ عثمانیہ بہادرآباد

البشریٰ

ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

Scanned with CamScanner

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرات اہل علم، عزیز طلبہ اور معزز قارئین کی خدمت میں گذارش:

الحمدللہ! اس کتاب کی تصحیح کی حتی الوسع کوشش کی گئی ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی غلطی نظر آئے یا کوئی مفید تجویز ہو تو براہ کرم تحریر کر کے ہمیں ضرور ارسال فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت بہتر اور غلطی سے پاک ہو سکے۔

جزاکم اللہ تعالیٰ خیراً

البُشریٰ ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

برائے خط و کتابت: 9/2 سیکٹر 17، کورنگی انڈسٹریل ایریا بالمقابل محمدیہ مسجد، بلال کالونی کراچی۔


| | | |
|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | مناجاتِ مقبول |
| مؤلف | : | حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ |
| رجسٹریشن نمبر | : | RO-224-2020 (محکمۂ اوقاف سندھ، پاکستان) |
| قیمت برائے قارئین | : | فہرست کتب ملاحظہ فرمائیں۔ |
| سن اشاعت | : | ۱۴۴۲ھ/ ۲۰۲۱ء |
| ناشر | : | البُشریٰ ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)<br>9/2 سیکٹر 17، کورنگی انڈسٹریل ایریا بالمقابل محمدیہ مسجد، بلال کالونی کراچی۔ |
| فون نمبر | : | (+92) 21-35121955-7 |
| ویب سائٹ | : | www.maktaba-tul-bushra.com.pk<br>www.albushra.org.pk |
| ای میل | : | info@maktaba-tul-bushra.com.pk<br>info@albushra.org.pk |
| ملنے کا پتہ | : | البُشریٰ ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)، کراچی۔ پاکستان |
| موبائل نمبر | : | 0321-2196170, 0334-2212230, 0302-2534504, 0314-2676577, 0346-2190910 |

اس کے علاوہ تمام مشہور کتب خانوں میں بھی دستیاب ہے۔


Scanned with CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# دیباچہ (اقتباسات)

دعا کی اہمیت قرآن مجید کی سطور اور بین السطور دونوں سے بالکل ظاہر ہے اور احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم تو اس کی فضیلتوں سے بھری پڑی ہیں۔ جن کا خلاصہ الدعاء مخ العبادة (دعا تو ساری عبادتوں کا لُبِّ لُباب ہے)......

حکیم الامت علامہ اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ دین کی خدمت بیشمار ٹھوس طریقوں سے کر گئے۔ انہیں کے افاداتِ عالی میں سے ایک چیز یہ بھی ہے کہ حصن حصین وغیرہ سے انتخابات کر کے قرآنی اور اس سے کہیں زیادہ حدیثی دعاؤں کا ایک نادر ذخیرہ انتخاب کر کے اُمت کے ہاتھ میں دے گئے۔

ذخیرہ ہر اعتبار سے نہایت بیش بہا و قابل قدر، بفرض حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی دوسری خدمات دین کا صفحہ بالکل سادہ ہوتا، جب بھی تنہا یہی ایک خدمتِ دین ان کا نام نامی، اہل اللہ کے حلقہ میں رہتی دنیا تک رکھنے کے لئے کافی تھی۔

اصل عربی نام "قربات عنداللہ و صلوات الرسول"۔ عام فہم اردو نام "مناجاتِ مقبول" اسم بامسمی۔ اردو ترجمہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ ہی کے ایک خلیفہ خاص و مقبول حکیم محمد مصطفیٰ بجنوری رحمۃ اللہ علیہ کا کیا ہوا ہے......

اردو ترجمہ اس خاکسار کا نظر ثانی کیا ہوا ہے۔ کہیں کہیں بالکل بدلا ہوا ہے......

**عبدالماجد** دریاآباد۔ بارہ بنکی (یو۔ پی)

ربیع الثانی ۱۳۶۷ھ، فروری ۱۹۴۸ء

Scanned with CamScanner

# خطبة

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ، وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ،

اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب

عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاتِ الْمَقْبُوْلِ،

کیا جاسکے ، ہم تیری حمد کرتے ہیں کہ تو نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی

مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰةِ الرَّسُوْلِ،

جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے ، اور رسول اللہ ﷺ کی دعائیں سکھائیں۔

فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ،

تو (یا اللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ کامل نازل فرما جب تک کہ پچھوا اور پُروا ہوائیں چلتی رہیں ،

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ، ثُمَّ نَسْئَلُكَ

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں ،

بِمَا سَنَقُوْلُ، وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقُبُوْلُ،

جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں ۔ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ۔

دعائیں جس جامعیت اور تاثیر کی ہیں، وہ تو اگلے صفحات سے ظاہر ہی ہوتی رہیں گی، خود یہ دیباچہ بھی اسی شان کا ہے۔ دعائیں تو خیر اللہ اور رسول ﷺ کی بتلائی ہوئی ہیں، لیکن یہ دیباچہ تو محض ایک محبوب امتی یا مقبول بندہ کے قلم سے ہے۔

Scanned with CamScanner

# المنزل الاول، یوم السبت

پہلی منزل، بروز ہفتہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

۱۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الۡاٰخِرَۃِ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں (بھی) بھلائی دے اور آخرت میں (بھی)

حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

بھلائی دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچادے۔

۲۔ رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّ ثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا

اے ہمارے پروردگار! ہمارے اوپر صبر انڈیل دے اور ہمارے قدم جمادے

وَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ؕ

اور ہمیں کافر لوگوں پر غالب کردے۔

۳۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ اِنۡ نَّسِیۡنَآ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ

اے ہمارے پروردگار! ہماری پکڑ نہ کر، اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں

رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَیۡنَآ اِصۡرًا کَمَا حَمَلۡتَہٗ عَلَی

اور ہمارے اوپر بھاری بوجھ نہ رکھ، جیسا تونے ہم سے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ

پیشتر کے لوگوں پر رکھا تھا۔ اے ہمارے پروردگار! ہم سے وہ چیز نہ اٹھوا، جسے ہم آسانی سے

لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفه وَاغْفِرْ لَنَا وقفه وَارْحَمْنَا وقفه

نہ اٹھاسکتے ہوں۔ اور ہم سے درگذرکر، اور ہمیں بخش دے۔ اور ہمارے اوپر رحم کر،

اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

توہی تو ہمارا مالک ہے۔ تو ہم کو کافرلوگوں پر غالب کردے۔

۴۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا

اے ہمارے پروردگار! ہمارے دل کو ہدایت کرنے کے بعد کہیں پھیرنہ دینا

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

اور ہمیں اپنے حضور سے (بڑی) رحمت عطاکر، بیشک تو تو

الْوَهَّابُ ○

بڑاعطاکرنے والاہے۔

۵۔ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم وہ لوگ ہیں جوایمان لاچکے ہیں سو ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں

عَذَابَ النَّارِ ○

دوزخ کے عذاب سے بچادے۔

۶۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا

اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ (سارا کارخانۂ قدرت) یوں ہی بیکار نہیں پیدا کر دیا ہے، تو پاک ہے

عَذَابَ النَّارِ ○

اس سے، پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا دے۔

۷۔ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ

اے ہمارے پروردگار! تو نے جسے دوزخ میں ڈالا، بس اُسے رُسوا ہی کر ڈالا،

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ○

سیاہ کاروں کا ہمدرد کوئی بھی نہیں۔

۸۔ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

اے ہمارے پروردگار! ہم نے تو ایک پکارنے والے کو ایمان کیلئے پکارتے ہوئے سنا کہ

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ

اپنے پروردگار پر ایمان لے آؤ، اور ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہمارے گناہ بخش دے

كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○

اور ہماری برائیوں کو اتار دے، اور ہمارا خاتمہ نیکیوں کے ساتھ کر۔

۹۔ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا

اے ہمارے پروردگار! ہمیں وہ عطا کر جو تو نے اپنے پیغمبروں کی معرفت ہم سے وعدہ کیا۔

Scanned with CamScanner

تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

اور ہمیں قیامت کے دن رسوانہ کرنا ۔ بیشک تو (ہرگز) وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۱۰۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم نے خود اپنے اوپر ظلم کئے ہیں۔ اور اگر تو ہی ہمیں نہ بخشے گا

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

اور ہم پر رحمت نہ کریگا ، تو ہم تو یقیناً نامرادوں میں سے ہوجائیں گے ۔

۱۱۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے اور ہمیں اسلام ہی کی حالت پر موت دے۔

۱۲۔ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

تو ہی ہمارا مددگار ہے پس تو ہمیں بخش دے۔ اور تو ہم پر رحمت کر ، اور تو ہی

خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ۝

سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔

۱۳۔ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ لا وَنَجِّنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں کا ہدف نہ بنائیو اور ہمیں

بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اپنے رحم و کرم سے کافر لوگوں سے چھڑا لیجیو۔

Scanned with CamScanner

۱۴۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی

اے زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے، تو ہی میرا رفیق دنیا

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ

اور آخرت میں رہیو۔ مجھ کو اسلام پر موت دیجیو اور مجھے

بِالصّٰلِحِیْنَ ○

نیکوں کے ساتھ شامل کیجیو۔

۱۵۔ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ صلے

اے میرے پروردگار! مجھے اور میری نسل کو بھی نماز درست رکھنے والا کردے۔

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○

اے ہمارے پروردگار! میری دعا قبول کرلے۔

۱۶۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ

اے ہمارے پروردگار! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور کل مومنین کو بخش دیجیو،

یَقُوْمُ الْحِسَابُ ○

جس دن کہ حساب قائم ہو۔

۱۷۔ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِیْ صَغِیْرًا ط○

اے میرے پروردگار! میرے والدین پر رحمت کیجیو، جیسا کہ انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

Scanned with CamScanner

۱۸۔ رَبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِیۡ

اے میرے پروردگار! مجھے اندر بھی صاف لے جا اور مجھے

مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ

باہر بھی صاف نکال لا۔ اور میرے حق میں اپنے پاس سے ایک مدد

سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا ۝

دینے والی قوت تجویز کردے۔

۱۹۔ رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَیِّئۡ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے حضور سے رحمت (خاصہ) عنایت کر، اور ہمارے

لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ۝

مقصد میں کامیابی کا سامان بہم پہنچادے۔

۲۰۔ رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ ۝ وَیَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ ۝

اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دے، اور مجھ پر میرا کام آسان کردے،

وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ۝ یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ ۝

اور میری زبان سے گنجلک کھول دے، کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں۔

۲۱۔ رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ۝

اے میرے پروردگار! مجھے علم میں بڑھا۔

Scanned with CamScanner

۲۲۔ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

مجھے دکھ نے ستایا ہے اور تو تو سب سے بڑا مہربان ہے۔

۲۳۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝ صلے

اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑیو اور سب سے اچھا وارث توتو ہی ہے۔

۲۴۔ رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ

اے میرے پروردگار! مجھے مبارک جگہ میں اتار اور تو ہی سب سے بہتر

الْمُنْزِلِیْنَ ۝

اتارنے والا ہے۔

۲۵۔ رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝ لا

اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کی چھیڑ سے تیری پناہ چاہتا ہوں

وَاَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۝

اور اس سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

۲۶۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے، تو تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحمت کر اور تو

خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ صلے

سب مہربانوں سے بہتر ہے۔

Scanned with CamScanner

۲۷۔ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ

اے ہمارے پروردگار! عذابِ دوزخ کو ہم سے پھیرے رکھ کہ

عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝

اس کا عذاب تو چمٹ جانے والا ہے۔

۲۸۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری ازواج و اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک

أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ۝

عطا کر، اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنادے۔

۲۹۔ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي

اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں شکر ادا کروں تیرے اس احسان کا

أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا

جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا، اور یہ کہ میں نیک عمل کروں

تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ

جو تو پسند کرے اور تو مجھے اپنے رحم و کرم سے اپنے صالح

الصَّالِحِينَ ۝

بندوں میں داخل کردے۔

۳۰۔ رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ

اے میرے پروردگار! میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے،

فَقِیْرٌ ۝

محتاج ہوں۔

۳۱۔ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ۝

اے میرے پروردگار! مجھے مفسد لوگوں پر غالب کر۔

۳۲۔ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا

اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم ہر شے پر محیط ہے،

فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ

تو تو ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور جو تیری راہ پر چلے، انہیں بخش دے اور انہیں

عَذَابَ الْجَحِیْمِ ۝

دوزخ کے عذاب سے بچادے۔

۳۳۔ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ

اور اے ہمارے پروردگار! انہیں ہمیشگی کی جنتوں میں داخل کر جن کا تونے اُن سے وعدہ کیا ہے۔

وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَ

اور ان کو بھی جو کوئی ان کے باپ دادوں میں سے اور ان کی بیویوں میں سے

Scanned with CamScanner

ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ وَقِهِمُ

اور ان کی اولاد میں سے نیک ہو ۔ بیشک تو ہی زبردست ہے ، حکمت والا ہے

السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ

اور انہیں خرابیوں سے بچادے اور جس کو تو نے اس دن خرابیوں سے بچالیا، اس پر تو نے (بڑا) رحم کیا،

وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○

اور یہی بڑی کامیابی ہے ۔

۳۴۔ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ

اور میری اولاد میں صلاحیت (نیکی کی) دے ، میں نے تیری طرف رجوع کیا

وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں ۔

۳۵۔ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○

میں ہارا ہوا ہوں، پس تو میرا بدلہ لے لے ۔

۳۶۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہمارے پیشرو ہیں،

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بخش دے، اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے ساتھ کدورت نہ ہونے دے ۔

Scanned with CamScanner

رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

اے ہمارے پروردگار! تو بڑا شفیق و مہربان ہے۔

۳۷۔ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○

اے ہمارے پروردگار! ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا، اور تیری طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔

۳۸۔ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافر لوگوں کا ہدفِ ستم نہ بنا،

وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اور ہمیں اے پروردگار! بخش دے، بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔

۳۹۔ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ

اے ہمارے پروردگار! ہمارے لئے ہمارا نور کامل کردے اور ہمیں بخش دے،

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

۴۰۔ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ

اے میرے پروردگار! بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو اور اس کو بھی

بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

جو میرے گھر میں مومن ہو کر داخل ہو اور سارے مومن مردوں اور عورتوں کو بھی۔

Scanned with CamScanner

۴۱- اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاۤءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

یا اللہ ! میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے دھودے

وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ

اور میرے دل کو گناہوں سے (ایسا) پاک کردے، جیسا کہ سفید کپڑا

الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

میل سے پاک کیا جاتا ہے اور مجھ میں اور میرے گناہوں کے درمیان

خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

ایسا فاصلہ کردے، جیسا کہ مشرق و مغرب میں تونے فاصلہ رکھا ہے۔

۴۲- اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ

یا اللہ ! میرے نفس کو اسکی پرہیز گاری عطا کر اور اسے پاک کردے تو ہی

خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا۔

اس کو سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے ، تو ہی اس کا مالک اور آقا ہے ۔

۴۳- اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ

ہم تجھ سے وہ سب بھلائیاں مانگتے ہیں جو تجھ سے

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں۔

۴۴- اِنَّا نَسْأَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ أَمْرِكَ

ہم تجھ سے مانگتے ہیں مغفرت کے اسباب اور نجات دینے والے کام

وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ

اور ہر گناہ سے بچاؤ، اور ہر نیکی کی لوٹ ،

وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ۔

اور بہشت میں اپنا پہنچنا ، اور دوزخ سے نجات پانا ۔

۴۵- اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا۔

میں تجھ سے طلب کرتا ہوں علم کارآمد۔

۴۶- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ خَطَئِيْ وَعَمَدِيْ۔

یا اللہ! بخش دے میرے گناہ نادانستہ اور دانستہ۔

۴۷- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ

یا اللہ! بخش دے میری خطا اور نادانی اور میری زیادتی

فِيْ اَمْرِيْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ۔

میرے بارے میں، اور وہ بھی جو تو مجھ سے بڑھ کر جانتا ہے ۔

۴۸- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ۔

یا اللہ! بخش دے جو (گناہ) مجھے مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا۔

۴۹۔ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ۔

یا اللہ! دلوں کے پھیرنے والے! ہمارے دل اپنی طاعت کی طرف پھیر دے۔

۵۰۔ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ۔

یا اللہ! مجھے ہدایت دے اور مجھے استوار رکھ۔

۵۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى۔

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور سیر چشمی۔

۵۲۔ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ

یا اللہ! میرا دین درست رکھ جو میرے حق میں بچاؤ ہے اور میری دنیا درست رکھ جس میں میری معاش ہے اور میری آخرت درست رکھ جہاں مجھے لوٹنا ہے اور بنادے

الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ

زندگی کو میرے حق میں ہر بھلائی میں ترقی، اور موت کو

رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ۔

میرے حق میں ہر برائی سے امن بنادے۔

۵۳۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

یا اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحمت کر اور مجھے چین دے اور مجھے رزق دے۔

۵۴۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

یا اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں کم ہمتی اور سُستی سے اور بزدلی سے

وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ وَمِنْ

اور انتہائی کبرسنی سے اور قرضہ سے اور گناہ سے اور

عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ

عذابِ دوزخ سے اور دوزخ کے فتنہ سے اور قبر کے فتنہ سے

وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ

اور قبر کے عذاب سے اور مالداری کے بُرے فتنہ سے اور محتاجی کے

الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَمِنْ فِتْنَةِ

بُرے فتنہ سے اور مسیح دجّال کے بُرے فتنہ سے اور زندگی و

الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ

موت کے فتنہ سے اور سخت دلی سے اور غفلت سے اور تنگدستی سے اور ذلت سے

وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوقِ وَالشِّقَاقِ

اور بیچارگی سے اور کفر سے اور فسق سے اور ضدّا ضدّی سے اور

وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاۤءِ وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُونِ

(لوگوں کے) سُناوے سے اور دکھاوے سے اور بہرہ پن سے اور گونگے پن سے اور جنون سے

وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ

اور جذام سے اور بُری بیماریوں سے اور قرضہ سے اور فکر سے اور غم سے اور بخل سے

الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَمِنْ

اور لوگوں کے دباؤ سے اور اس سے کہ

اَنْ اُرَدَّ اِلٰۤى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ

ناکارہ عمر تک پہنچوں اور دنیا کے فتنہ سے

عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ

اور اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو اور اس نفس سے

لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا۔

جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو قبول نہ ہو۔

# المنزل الثانی، یوم الاحد

دوسری منزل، بروز اتوار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

۵۵۔ رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا

اے میرے پروردگار! میری مدد کر اور میری مخالفت میں کسی کی مدد مت کر اور مجھے فتح دے اور کسی کو

تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ وَاھْدِنِیْ

میرے اوپر غالب نہ کر اور میرے حق میں تدبیر کر اور میرے مقابلہ میں کسی کی تدبیر نہ چلا اور مجھے

وَیَسِّرِ الْھُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ،

ہدایت کر اور میرے لئے ہدایت کو آسان کر دے اور اس کے مقابلہ میں مجھے مدد دے جو مجھ پر زیادتی کرے۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَکَ ذَکَّارًا لَّکَ شَکَّارًا لَّکَ رَھَّابًا

اے میرے پروردگار! مجھے ایسا کر دے کہ میں تجھے بہت یاد کیا کروں، تیرا بہت شکر ادا کیا کروں، تجھ سے

لَّکَ مِطْوَاعًا لَّکَ مُطِیْعًا اِلَیْکَ مُخْبِتًا

بہت ڈرا کروں، تیری بہت فرمانبرداری کیا کروں، تیرا بہت مطیع رہوں، تجھی سے سکون پانے والا

اِلَیْکَ اَوَّاھًا مُّنِیْبًا، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ

رہوں، تیری ہی طرف متوجہ ہونے والا رہوں، رجوع ہونیوالا رہوں، اے میرے پروردگار! میری توبہ قبول کر اور میرے گناہ

Scanned with CamScanner

حُوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ

دھو دے، اور میری دعا قبول کر، اور میری حجت (دینی) قائم رکھ اور میری زبان

لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ۔

درست رکھ اور میرے دل کو ہدایت پر رکھ، اور سینہ کی کدورت کو نکال دے۔

۵۶۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا

یا اللہ! ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور ہم سے راضی ہوجا،

وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا

اور ہمیں بہشت میں داخل کر اور ہمیں دوزخ سے بچا دے اور ہمارے حال

شَاْنَنَا كُلَّهٗ۔

سب درست کردے۔

۵۷۔ اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ

یا اللہ! ہمارے دلوں میں الفت دے اور ہمارے آپس کے تعلقات

بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ

درست کردے، اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا اور ہمیں اندھیریوں سے نور کی

اِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا

طرف نکال لا ۔ اور ہمیں بے حیائیوں سے جو ان میں سے ظاہری ہوں

بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا

اور باطنی ہوں (دونوں سے) الگ رکھ اور ہمیں برکت دے ہماری سماعتوں میں اور ہماری بینائیوں میں اور ہمارے دلوں

وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّتِنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ

میں اور ہماری بیویوں میں اور ہماری اولادوں میں، اور ہماری توبہ قبول کر، بیشک تو ہی تو

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ

توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے، اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گذار

مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا۔

اور ثناخواں بنا، اور نعمتوں کے قابل بنا اور انہیں ہم پر پورا کر۔

۵۸۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ

یا اللہ! میں تجھ سے ثابت قدمی طلب کرتا ہوں امور (دین) میں

وَأَسْأَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ

اور تجھ سے اعلیٰ صلاحیت طلب کرتا ہوں، اور تجھ سے تیری نعمتوں کے شکر یہ کی توفیق

وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَأَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا

اور حسنِ عبادت چاہتا ہوں اور تجھ سے مانگتا ہوں سچی زبان

وَقَلْبًا سَلِيْمًا وَخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا وَأَسْأَلُكَ مِنْ

اور قلبِ سلیم اور اخلاقِ صحیح اور تجھ سے وہ بھلائی

خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ

مانگتا ہوں جس کو تو جانتا ہے اور تجھ سے اس گناہ سے معافی چاہتا ہوں جس کو تو جانتا ہے ،

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۔

بیشک تو ہی ہر غائب کا جاننے والا ہے۔

۵۹۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ

یا اللہ ! مجھے بخش دے جو کچھ میں نے پہلے کیا اور جو کچھ بعد میں کیا ،

وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ

اور جو کچھ میں نے پوشیدہ کیا اور جو کچھ علانیہ کیا اور اس کو بھی جو تو مجھ سے

بِهٖ مِنِّىْ۔

زیادہ جانتا ہے۔

۶۰۔ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ

یا اللہ ! ہمیں اپنی خشیت سے اتنا حصہ دے کہ ہمارے اور گناہوں کے

بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ

درمیان حائل ہوجائے اور اپنی طاعت سے اتنا

مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ

حصہ کہ تو ہمیں اس کے ذریعہ سے اپنی جنت میں پہنچا دے ، اور یقین سے اتنا حصہ کہ

بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا وَ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا

اس سے تو ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان کردے اور ہمارے سماعتیں اور ہماری بینائیاں

وَاَبْصَارِنَا وَ قُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ

اور ہماری قوت کو کام کا رکھ جب تک تو ہمیں زندہ رکھے اور اس کی خیر کو ہمارے بعد

مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَ انْصُرْنَا

باقی رکھنا اور ہمارا انتقام اس سے لے جو ہم پر ظلم کرے اور ہمیں اُس پر غلبہ دے

عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِىْ

جو ہم سے دشمنی کرے اور ہمارے دین میں ہمارے لئے مصیبت

دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا

نہ ڈال ، اور دنیا کو نہ ہمارا مقصودِ اعظم بنا اور نہ ہمارے معلومات کی

وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا۔

انتہا اور نہ ہماری رغبت کی منزلِ مقصود، اور ہم پر اسکو حاکم نہ کر جو ہم پر نامہربان ہو۔

۶۱۔ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَ اَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا

یا اللہ! ہمیں بڑھا اور گھٹا مت اور ہمیں آبرو دے، اور ہمیں خوار نہ کر،

وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَ اَرْضِنَا

اور ہمیں عطا کر، اور ہمیں محروم نہ رکھ، اور ہمیں بڑھائے رکھ اور دوسروں کو ہم پر نہ بڑھا، اور ہمیں خوش رکھ

وَارْضَ عَنَّا۔

اور ہم سے خوش رہ۔

٦٢۔ اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ۔

یا اللہ! میرے دل میں ڈال دے میری سعادت۔

٦٣۔ اَللّٰھُمَّ قِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ وَاعْزِمْ لِیْ عَلٰی رُشْدِ اَمْرِیْ۔

یا اللہ! مجھے میرے نفس کی برائی سے محفوظ رکھ، اور مجھے میرے امور کی اصلاح کی ہمت دے۔

٦٤۔ اَسْأَلُ اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

میں اللہ سے دنیا و آخرت دونوں میں عافیت مانگتا ہوں۔

٦٥۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنَ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَآ اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَۃً فَتَوَفَّنِیْ

یا اللہ! میں تجھ سے توفیق چاہتا ہوں نیکیوں کے کرنے کی اور برائیوں کے چھوڑنے کی اور غریبوں کی محبت کی اور یہ کہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کرے اور جب تو کسی جماعت پر بلا نازل کرنے کا ارادہ کرے تو مجھے اٹھالینا

غَيْرَ مَفْتُوْنٍ وَّ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ

بلا اس کے کہ میں اس بلا میں پڑوں، اور میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں، اور اس شخص کی محبت (بھی)

يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰى حُبِّكَ۔

جو تجھ سے محبت رکھتا ہے اور اس عمل کی (بھی) محبت جو تیری محبت سے قریب کردے۔

٦٦۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ

یا اللہ! اپنی محبت مجھے پیاری کردے، میری جان سے

وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ۔

اور میرے گھر والوں سے اور سرد پانی سے بھی بڑھ کر۔

٦٧۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ

یا اللہ! مجھے اپنی محبت نصیب کر اور اس شخص کی بھی محبت

يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ، اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِيْ

جس کی محبت تیرے نزدیک میرے حق میں نافع ہو، یا اللہ! جس طرح تو نے مجھے وہ دیا ہے

مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ،

جو مجھے پسند ہے، اُسے میرا معین بھی اس کام میں بنادے جو تجھے پسند ہے،

اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ

یا اللہ! جو کچھ تو نے دور رکھا ہے مجھ سے اُن چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند ہیں تو اسے مرے حق میں

فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ۔

ان چیزوں کے لئے موجبِ فراغ بنادے جو تجھے پسند ہیں۔

۶۸۔ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ۔

اے دلوں کے پلٹنے والے! میرا دل اپنے دین پر مضبوط رکھ۔

۶۹۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَنَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْٓ اَعْلٰی دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ۔

یا اللہ! میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمتیں کہ ختم نہ ہوں اور اپنے نبی محمد ﷺ کی رفاقت جنت کے برترین مقام یعنی "جنت خلد" میں۔

۷۰۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْٓ اِیْمَانٍ وَّاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهٗ فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِیَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا۔

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے تندرستی ایمان کے ساتھ اور ایمان حسنِ اخلاق کے ساتھ اور کامیابی جس کے پیچھے تو مجھے فلاح بھی دے، اور رحمت تیری طرف سے اور عافیت اور مغفرت تیری طرف سے اور (تیری) خوشنودی۔

Scanned with CamScanner

۱۷۔ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ
یا اللہ! تونے جو علم مجھے دیا ہے اس سے مجھے نفع دے اور مجھے وہ علم دے

مَا يَنْفَعُنِيْ۔
جو مجھے نفع دے۔

۲۷۔ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى
یا اللہ! بوسیلہ اپنے عالم الغیب ہونے کے اور مخلوق پر قادر ہونے کے

الْخَلْقِ اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ
مجھے زندہ رکھ جب تک تیرے علم میں زندگی میرے حق میں بہتر ہو

وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ وَاَسْئَلُكَ
اور مجھے اٹھالینا جب تیرے علم میں موت میرے حق میں بہتر ہو اور میں مانگتا ہوں

خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ
تجھ سے تیرا ڈر غائب و حاضر میں اور اخلاص کی بات

فِي الرِّضٰى وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَ
حالتِ عیش وطیش میں اور تجھ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو

قُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُكَ الرِّضَآءَ بِالْقَضَاءِ
اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک جو جاتی نہ رہے اور میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکمِ تکوینی پر

Scanned with CamScanner

وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ

رضا مند رہنا اور موت کے بعد خوش عیشی اور تیرے دیدار کی لذت

اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاَعُوْذُبِكَ

اور تیری دید کا شوق اور میں تیری ذات کے ذریعے سے پناہ مانگتا ہوں

مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ، اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا

آزار دینے والی مصیبت اور گمراہ کرنے والی بلا سے، اے اللہ! ہمیں ایمان کی

بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ۔

زینت سے آراستہ کردے اور ہمیں راہنما راہ یاب بنادے۔

۷۳۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ

یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتاہوں سب کی سب،

عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

فوری بھی اور دور کی بھی، اس میں سے بھی جس کا مجھے علم ہے اور اس میں سے بھی جس کا علم مجھے نہیں ہے۔

۷۴۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ

یا اللہ! میں تجھ سے وہ سب بھلائی مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے بندہ اور

عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ

تیرے نبی ﷺ نے مانگی، یا اللہ! میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں

وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ

اور جو چیز بھی اس سے قریب کرنے والی ہو، قول سے ہو یا عمل سے

وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ لِّيْ خَيْرًا وَّ

اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ اپنے ہر حکمِ تکوینی کو میرے حق میں بہتر کردے۔

اَسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ

اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو کچھ تو میرے حق میں جاری کرے،

عَاقِبَتَهٗ رَشَدًا۔

اس کے انجام کو سعادت بنادے۔

۷۵۔ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

یا اللہ! ہمارا انجام تمام کاموں میں اچھا کر اور

وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔

ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ۔

۷۶۔ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّاحْفَظْنِيْ

یا اللہ! مجھے اسلام کے ساتھ قائم رکھ کھڑے ہوئے اور اسلام کے ساتھ قائم رکھ

بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا

بیٹھے ہوئے اور اسلام کے ساتھ قائم رکھ لیٹے ہوئے، اور مجھ پر

وَلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا ، اَللّٰهُمَّ

طعنہ کا موقع نہ دے، نہ کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو ، یا اللہ !

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ ،

میں تجھ سے سب بھلائیاں مانگتا ہوں جن کے خزانے تیرے قبضۂ قدرت میں ہیں۔

وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِيْ هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهٖ ط

اور تجھ سے وہ بھلائی بھی مانگتا ہوں جو تمام تر تیرے ہی قبضہ میں ہے۔

۷۷۔ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا

یا اللہ! ہمارا کوئی گناہ نہ چھوڑ جسے تو بخش نہ دے اور نہ کوئی تشویش جسے

اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً

تو دور نہ کردے اور نہ کوئی قرضہ ایسا جسے تو ادا نہ کردے

مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا

اور نہ کوئی حاجت دنیا اور آخرت کی حاجتوں میں سے ایسی جسے تو پوری نہ کردے ،

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔

اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے!

۷۸ ۔ اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ

یا اللہ ! ہماری امداد کر اپنے ذکر اور اپنے شکر

وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

اور اپنے حسنِ عبادت کے باب میں۔

۷۹۔ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ

یا اللہ! مجھے قناعت دے اس میں جو تونے مجھے نصیب کیا ہے اور اس میں میرے لئے برکت دے

فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَيْرٍ۔

اور ہر اُس چیز میں جو میری نظر سے غائب ہے میرا نگراں رہ خیریت کے ساتھ۔

۸۰۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتاہوں زندگی پاکیزہ اور موت ڈھنگ کی

سَوِيَّةً وَّمَرَدًّا غَيْرَ مَخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ۔

اور ایسی مراجعت جس میں میرے لئے رسوائی اور فضیحت نہ ہو۔

۸۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِیْ رِضَاكَ

یا اللہ! میں کمزور ہوں، پس اپنی مرضیات میں میرا ضعف اپنی قوت سے

ضُعْفِیْ وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِیْ وَاجْعَلِ

بدل دے اور کشاں کشاں مجھے خیر کی طرف لے جا، اور اسلام کو

الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَآئِیْ وَاِنِّیْ ذَلِيْلٌ

میری پسند کا منتہا بنادے، میں ذلیل ہوں

فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ۔

سو مجھے عزت دے اور میں محتاج ہوں سو مجھے رزق دے۔

۸۲۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَسْئَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَاءِ

یا اللہ! میں تجھ سے ہی مانگتاہوں بہترین سوال اور بہترین دعا

وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ

اور بہترین کامیابی اور بہترین عمل اور بہترین اجر،

وَخَیْرَ الْحَیٰوةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ

اور بہترین زندگی اور بہترین موت ، مجھے ثابت قدم رکھ اور میری نیکیوں کا پلہ

مَوَازِیْنِیْ وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ

بھاری کردے اور میرے ایمان کو متحقق کردے اور میرا درجہ بلند کردے اور میری نماز کو

صَلٰوتِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْن۔

قبول کر۔ میں مانگتاہوں تجھ سے جنت کے بلند درجے، آمین ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتاہوں خیر کی ابتدائیں میں بھی اور انتہائیں بھی ، اور خیر کی جامع چیزیں

وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ

اور خیر کا اوّل بھی اور خیر کا آخر بھی اور خیر کا ظاہر بھی اور خیر کا باطن بھی ، یا اللہ! میں

اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا آتِيْ وَخَيْرَ مَا أَفْعَلُ وَخَيْرَ مَا

تجھ سے خیر مانگتا ہوں اپنے ہر اس کام میں جسے اعضاء سے کروں یا دل سے کروں

أَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ۔

اور اس کی بھی خیر جو پوشیدہ ہے، اور اُس کی بھی خیر جو علانیہ ہے۔

۸۳۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ أَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ

یا اللہ! میرا رزق خوب فراخ کردینا میرے بڑھاپے میں

كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ۔

اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت۔

۸۴۔ وَاجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِيْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِيْ

اور میری عمر کا بہترین حصہ اس کا آخری حصہ کرنا اور میرا بہترین عمل

خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ اَيَّامِيْ يَوْمَ أَلْقَاكَ فِيْهِ، يَا وَلِيَّ

میرا آخر ترین عمل کرنا اور میرا بہترین دن وہ کرنا جس میں تجھ سے ملوں، اے اسلام

الْإِسْلَامِ وَأَهْلِهٖ ثَبِّتْنِيْ بِهٖ حَتّٰى أَلْقَاكَ،

اور اہلِ اسلام کے مددگار! مجھے ثابت قدم رکھ اسلام پر، یہاں تک کہ میں تجھ سے مل جاؤں،

اَسْئَلُكَ غِنَايَ وَغِنٰى مَوْلَايَ۔

میں تجھ سے طلب کرتاہوں اپنی اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی۔

۸۵۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ سُوْٓءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ

یا اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بُری عمر سے اور دل کے فتنہ سے

الصَّدْرِ وَاَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں بواسطہ تیری عزت کے کہ کوئی معبود نہیں بجز تیرے اس سے کہ تو مجھے گمراہ کردے

وَمِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ

اور بلا کی سختیوں سے اور بد قسمتی کے حصول سے اور بُری تقدیر سے

وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ

اور دشمنوں کے طعنہ سے اور اس کام کی بُرائی سے جو میں نے کیا اور اس

شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ

کام کی بُرائی سے جسے میں نے نہیں کیا اور اس چیز کی بُرائی سے جو مجھے معلوم ہے اور اُس چیز کی

شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ

بُرائی سے جو مجھے معلوم نہیں اور تیری نعمت کے جاتے رہنے سے اور تیرے امن کے

عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ

پلٹ جانے سے اور تیرے عذاب کے ناگہاں آجانے سے اور تیری ناخوشی سے

وَمِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ

اور اپنی شنوائی کی خرابی سے اور اپنی بینائی کی خرابی سے اور اپنی زبان کی

Scanned with CamScanner

لِسَانِيْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ وَمِنَ

خرابی سے اور اپنے دل کی خرابی سے اور اپنی منی کی خرابی سے اور فاقہ سے

الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ وَمِنَ الْهَدَمِ وَمِنَ

اور اس سے کہ میں کسی پر زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے اور کسی چیز کے میرے اوپر گر جانے سے

التَّرَدِّيْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَاَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ

اور میرے کسی چیز پر گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے اور اس سے کہ شیطان مجھے

الشَّيْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَمِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ

موت کے وقت گڑ بڑ میں ڈال دے اور اس سے کہ میں جہاد سے بھاگتا ہوا

مُدْبِرًا وَّاَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا۔

مروں اور اس سے کہ میں جانور کے ڈسنے سے مروں۔

☆......☆......☆

# المنزل الثالث، یوم الاثنین

تیسری منزل، بروز پیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

۸۶۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا

یا اللہ! مجھے بڑا صبر والا بنا دے اور مجھے بڑا شکر والا بنا دے

وَّاجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ

اور مجھے میری نظر میں چھوٹا بنادے اور دوسروں کی نظر میں

كَبِيْرًا۔

بڑا بنادے۔

۸۷۔ اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا

یا اللہ! ہمارے ملک میں برکت اور شادابی اور امن رکھ دے

وَلَا تَحْرِمْنِيْ بَرَكَةَ مَا اَعْطَيْتَنِيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ فِيْمَا

اور جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے اس کی برکت سے مجھے محروم نہ رکھ اور جس چیز سے تو نے مجھے محروم رکھا ہے،

اَحْرَمْتَنِيْ۔

اس کے باب میں مجھے فتنہ میں نہ ڈال۔

Scanned with CamScanner

۸۸۔ اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ،

یا اللہ! تونے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت بھی اچھی کردے

وَاَذْهِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ

اور میرے دل کی کھولن دور کردے اور گمراہ کرنے والے فتنوں سے مجھے بچائے رکھ

مَا اَحْیَیْتَنَا۔

جب تک تو ہمیں زندہ رکھے۔

۸۹۔ اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّیْ حُجَّةَ الْاِیْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ۔

یا اللہ! مجھے موت کے وقت حجتِ ایمان تلقین کردے۔

۹۰۔ رَبِّ اَسْأَلُكَ خَیْرَ مَا فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَخَیْرَ

اے میرے پروردگار! میں تجھ سے اس چیز کی بھلائی مانگتاہوں جو آج کے دن میں ہو

مَا بَعْدَهٗ۔

اور اس چیز کی بھی بھلائی جو اس کے بعد ہو۔

۹۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ خَیْرَ هٰذَا الْیَوْمِ وَفَتْحَهٗ وَ

یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتاہوں آج کے دن کی اور اس کی فتح اور

نَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ۔

اس کی ظفر اور اس کا نور اس کی برکت اور اس کی ہدایت۔

۸۸۔ اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ،

یا اللہ! تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت بھی اچھی کردے

وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِیْ وَاَجِرْنِیْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ

اور میرے دل کی کھولن دور کردے اور گمراہ کرنے والے فتنوں سے مجھے بچائے رکھ

مَا اَحْيَيْتَنَا۔

جب تک تو ہمیں زندہ رکھے۔

۸۹۔ اَللّٰهُمَّ لَقِّنِّیْ حُجَّةَ الْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ۔

یا اللہ! مجھے موت کے وقت حجتِ ایمان تلقین کردے ۔

۹۰۔ رَبِّ اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَا فِیْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ

اے میرے پروردگار ! میں تجھ سے اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں جو آج کے دن میں ہو

مَا بَعْدَهٗ۔

اور اس چیز کی بھی بھلائی جو اس کے بعد ہو ۔

۹۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَفَتْحَهٗ وَ

یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں آج کے دن کی اور اس کی فتح اور

نَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ۔

اس کی ظفر اور اس کا نور اس کی برکت اور اس کی ہدایت۔

Scanned with CamScanner

۹۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ
یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں معافی اور امن
فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ، اَللّٰهُمَّ
اپنے دین میں اور اپنی دنیا میں اور اپنے اہل و مال میں ، یا اللہ!
اسْتُرْ عَوْرَتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِیْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ
میرا عیب ڈھانپ دے اور خوف کو امن سے بدل دے، یا اللہ! میری حفاظت کر
مِنْۢ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَّمِیْنِیْ وَعَنْ
میرے آگے سے اور پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے
شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ
بائیں سے اور میرے اوپر سے اور میں تیری عظمت کے واسطہ سے
اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ۔
پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ ناگہاں اپنے نیچے سے پکڑ لیا جاؤں۔

۹۳۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ
یا حیّ یا قیوم! میں تیری رحمت کے واسطہ سے تجھ سے فریاد کرتا ہوں کہ میرے سارے حال کو
لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْٓ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ۔
درست کردے اور مجھے میرے نفس کی طرف ایک لمحہ کے لئے بھی نہ سونپ۔

Scanned with CamScanner

۹۴۔ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْٓ اَشْرَقَتْ لَهُ

تیرے اس نور ذات کے واسطہ سے جس سے آسمان وزمین روشن ہیں اور ہر اس حق کے واسطہ سے

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَلَكَ وَبِحَقِّ

جو تیرا ہے اور اس حق کے واسطہ سے جو مانگنے والے کا تجھ پر ہے،

السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ اَنْ تُقِیْلَنِیْ وَاَنْ تُجِیْرَنِیْ

میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو مجھ سے درگذر کرے اور یہ کہ اپنی قدرت سے مجھے

مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ۔

دوزخ سے پناہ دے۔

۹۵۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا وَّ

یا اللہ! آج کے دن کے اول حصہ کو میرے حق میں بہتر بنادے،

اَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا اَسْأَلُكَ خَیْرَ

درمیانی حصہ کو فلاح اور اس کے آخری حصہ کو کامیابی، میں تجھ سے دنیا

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

اورآخرت (دونوں کی) بھلائی چاہتا ہوں، اے سب سے بڑے مہربان!

۹۶۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاخْسَأْ شَیْطَانِیْ وَفُكَّ

یا اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو دور کردے اور میرا بند

Scanned with CamScanner

رِهَانِیْ وَثَقِّلْ مِیْزَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِی النَّدِیِّ الْاَعْلٰی۔

کھول دے اور میرا پلہ بھاری کردے اور مجھے طبقۂ اعلیٰ میں (شمار) کردے۔

۹۷۔ اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ۔

یا اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا دینا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائیو۔

۹۸۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظَلَّتْ

یا اللہ! پروردگار ساتوں آسمانوں کے اور ہر اس چیز کے جس پر ان کا سایہ ہے

وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ وَمَآ اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ

اور اے پروردگار! زمینوں کے اور ہر اس چیز کے جسے وہ اٹھائے ہوئے ہیں اور اے پروردگار شیطانوں کے

وَمَآ اَضَلَّتْ کُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ

اور ہر اس چیز کے جس کو انہوں نے گمراہ کیا ہے میرے نگہبان رہیو تمام مخلوق کی

اَجْمَعِیْنَ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ

برائی سے، اس سے کہ کوئی ان میں سے مجھ پر ظلم یا تعدّی کرے،

یَّطْغٰی عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ۔

محفوظ تیرا ہی پناہ دیا ہوا ہے اور بابرکت تیرا نام ہے۔

۹۹۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِیْكَ لَكَ سُبْحَانَكَ، اَللّٰهُمَّ

کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے، کوئی تیرا شریک نہیں ہے، پاک ہے تو، یا اللہ!

Scanned with CamScanner

إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَأَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ۔

میں تجھ سے اپنے (ہر) گناہ کی معافی چاہتا ہوں اور تجھ سے طلب تیری رحمت کی کرتا ہوں۔

۱۰۰۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ۔

یا اللہ! مجھے میرے گناہ بخش دے اور مجھے میرے گھر میں وسعت دے اور مجھے میرے رزق میں برکت دے۔

۱۰۱۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔

یا اللہ! مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں کردے اور یا اللہ! مجھے بہت پاک صاف لوگوں میں کردے۔

۱۰۲۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ۔

یا اللہ! مجھے بخش دے اور مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق دے اور مجھے عافیت دے

اور جس چیز کے حق ہونے میں اختلاف ہو اس میں مجھے اپنے حکم سے راہِ صواب دکھا دے۔

۱۰۳۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ

یا اللہ! نور کردے میرے دل میں اور نور کردے میری بینائی میں

Scanned with CamScanner

نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا

اور نور کردے میری شنوائی میں اور نور کردے میری داہنی طرف

وَّعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ نُوْرًا وَّمِنْ

اور نور کردے میرے بائیں طرف اور نور کردے میرے پیچھے اور نور

اَمَامِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا

کردے میرے سامنے اور میرے لئے ایک خاص نور کردے اور نور کردے میرے پٹھوں میں

وَّفِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ شَعْرِیْ

اور نور کردے میرے گوشت میں اور نور کردے میرے خون میں اور نور کردے میرے

نُوْرًا وَّفِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

بالوں میں اور نور کردے میری جلد میں اور نور کردے میری زبان میں اور نور کردے

فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ نُوْرًا

میری جان میں اور مجھے نورِ عظیم دے اور مجھے سراپا نور ہی بنادے

وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا،

اور میرے اوپر نور کردے اور میرے نیچے نور کردے،

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا۔

یا اللہ! مجھے نور عطا کر۔

Scanned with CamScanner

۱۰۴۔ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَآ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ
یا اللہ! ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور اپنے رزق کے
لَنَآ اَبْوَابَ رِزْقِكَ۔
دروازے ہمارے لئے آسان کردے۔

۱۰۵۔ اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّيْطَانِ۔
یا اللہ! مجھے شیطان سے محفوظ رکھ۔

۱۰۶۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔
یا اللہ! میں تجھ سے تیرے (فضل وکرم) کی طلب کرتا ہوں۔

۱۰۷۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطَايَایَ وَذُنُوْبِیْ كُلَّهَا، اَللّٰهُمَّ
یا اللہ! میری کل خطائیں اور قصور بخش دے، یا اللہ!
اَنْعِشْنِیْ وَاَحْيِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاهْدِنِیْ لِصَالِحِ
مجھے رفعت دے اور مجھے زندہ رکھ اور مجھے رزق دے اور مجھے اچھے اعمال
الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهٗ لَايَهْدِیْ لِصَالِحِهَا
واخلاق کی طرف ہدایت دے، بیشک نہ خوش اعمالیوں کی طرف کوئی رہبری کرتا اور نہ بداعمالیوں
وَلَايَصْرِفُ سَيِّئَهَآ اِلَّآ اَنْتَ۔
سے کوئی بچاتا ہے بجز تیرے۔

۱۰۸۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡاَلُکَ رِزۡقًا طَیِّبًا وَّ عِلۡمًا نَّافِعًا
یا اللہ! میں تجھ سے رزقِ پاکیزہ طلب کرتا ہوں اور علم کارآمد
وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا۔
اور عملِ مقبول۔

۱۰۹۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ عَبۡدُکَ وَابۡنُ عَبۡدِکَ وَابۡنُ اَمَتِکَ
یا اللہ! میں بندہ ہوں تیرا اور بیٹا ہوں تیرے بندہ کا، اور بیٹا ہوں تیری بندی کا،
نَاصِیَتِیۡ بِیَدِکَ مَاضٍ فِیَّ حُکۡمُکَ عَدۡلٌ فِیَّ قَضَآؤُکَ
ہمہ تن تیرے قبضہ میں ہوں، نافذ ہے میرے بارہ میں تیرا حکم، عین عدل ہے میرے باب میں تیرا فیصلہ،
اَسۡاَلُکَ بِکُلِّ اسۡمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیۡتَ بِہٖ نَفۡسَکَ
میں تجھ سے ہر اسم کے واسطہ سے جس سے تونے اپنی ذات کو موصوف کیا ہے
اَوۡ اَنۡزَلۡتَہٗ فِیۡ کِتَابِکَ اَوۡ عَلَّمۡتَہٗٓ اَحَدًا مِّنۡ خَلۡقِکَ
یا اس کو اپنی کتاب میں اتارا ہے یا اُسے اپنی مخلوق میں سے کسی کو بتایا ہے
اَوِ اسۡتَاۡثَرۡتَ بِہٖ فِیۡ عِلۡمِ الۡغَیۡبِ عِنۡدَکَ اَنۡ
یا اپنے پاس اُسے غیب ہی میں رہنے دیا ہے،
تَجۡعَلَ الۡقُرۡاٰنَ الۡعَظِیۡمَ رَبِیۡعَ قَلۡبِیۡ وَنُوۡرَ بَصَرِیۡ
درخواست کرتا ہوں کہ قرآنِ عظیم کو میرے دل کی بہار بنادے اور میری آنکھ کا نور

Scanned with CamScanner

وَجِلَاۤءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ۔

اور میرے غم کی کشائش، اور میری تشویش کا دفعیہ۔

۱۱۰۔ اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ

یا اللہ! جبرئیل کے اور میکائیل کے اور اسرافیل کے معبود،

وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِيْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ

ابراہیم کے اور اسماعیل کے اور اسحٰق کے معبود، مجھے عافیت دے اور میرے اوپر اپنی مخلوق میں سے

اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ لَّا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ۔

کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کردے جس کی برداشت مجھے میں نہ ہو۔

۱۱۱۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

یا اللہ! مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام روزی سے بچالے

وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔

۱۱۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ

یا اللہ! تو میری بات کو سنتا ہے اور میری جگہ کو دیکھتا ہے

وَتَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ

اور میرے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے، تجھ سے میری کوئی بات

مِّنْ اَمْرِیْ وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِیْرُ الْمُسْتَغِیْثُ

چھپی نہیں رہ سکتی، میں مصیبت زدہ ہوں، محتاج ہوں، فریادی ہوں،

الْمُسْتَجِیْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ

پناہ جو ہوں، ترساں ہوں، ہراساں ہوں، اپنے گناہوں کا اقرار کرنیوالا ہوں، اعتراف کرنیوالا ہوں،

بِذَنْبِیْ، اَسْئَلُكَ مَسْئَالَةَ الْمِسْكِیْنِ وَاَبْتَهِلُ

تیرے آگے سوال کرتا ہوں جیسے بیکس سوال کرتے ہیں، تیرے آگے گڑ گڑاتا ہوں،

اِلَیْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ الذَّلِیْلِ وَاَدْعُوْكَ

جیسے گنہگار ذلیل و خوار گڑگڑاتا ہے اور تجھ سے طلب کرتا ہوں

دُعَآءَ الْخَآئِفِ الضَّرِیْرِ وَدُعَآءَ مَنْ خَضَعَتْ

جیسے خوف زدہ آفت رسیدہ طلب کرتا ہے اور جیسے وہ شخص طلب کرتا ہے جس کی گردن

لَكَ رَقَبَتُهٗ وَفَاضَتْ لَكَ عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ

تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو اور اس کے آنسو بہہ رہے ہوں اور تن بدن سے وہ تیرے آگے فروتنی کئے ہوئے ہو

جِسْمُهٗ وَرَغِمَ لَكَ اَنْفُهٗ، اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ

اور اپنی ناک تیرے سامنے رگڑ رہا ہو، یا اللہ! تو مجھے اپنے سے دعا

بِدُعَآئِكَ شَقِیًّا وَّكُنْ بِیْ رَءُوْفًا رَّحِیْمًا یَا خَیْرَ

مانگنے میں ناکام نہ رکھ اور میرے حق میں بڑا مہربان نہایت رحیم ہو جا، اے سب مانگے جانے والوں

الْمَسْئُولِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ، اَللّٰهُمَّ

سے بہتر! اے سب دینے والوں سے بہتر، یا اللہ!

اِلَيْكَ اَشْكُوْ ضَعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ

میں تجھی سے شکوہ کرتا ہوں اپنے ضعفِ قوت کا اور اپنی کم سامانی کا

وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ

اور لوگوں کی نظر میں اپنی کم وقعتی کا، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنیوالے! تو مجھے کس کے

تَكِلُنِيْ اِلٰى عَدُوٍّ يَّتَهَجَّمُنِيْ اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ

سپرد کرتا ہے؟ آیا کسی دشمن کے جو مجھے دبائے؟ یا کسی دوست کے

مَّلَّكْتَهٗ اَمْرِيْ اِنْ لَّمْ تَكُنْ سَاخِطًا عَلَيَّ

قبضہ میں میرے سب کام دے رہا ہے؟ تو اگر مجھ سے ناخوش نہ ہو تو مجھے ان

فَلَا اُبَالِيْ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِيْ۔

(میں سے کسی چیز) کی پرواہ نہیں ہے، پھر بھی تیرا دیا ہوا امن ہی میرے لئے زیادہ گنجائش رکھتا ہے۔

۱۱۳۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً

یا اللہ! ہم تجھ سے ایسے دل مانگتے ہیں جو بہت تاثر قبول کرنے والے ہوں، بہت عاجزی کرنے والے ہوں،

مُّنِيْبَةً فِيْ سَبِيْلِكَ۔

بہت رجوع کرنے والے ہوں تیری راہ میں۔

Scanned with CamScanner

۱۱۴۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِيْ

یا اللہ! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں پیوست ہوجائے

وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰٓى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْٓ اِلَّا

اور وہ پختہ یقین جس سے میں سمجھ لوں کہ مجھ تک کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی

مَا كَتَبْتَ لِيْ وَرِضًى مِّنَ الْمَعِيْشَةِ بِمَا

مگر وہی جو تو میرے لئے لکھ چکا ہے اور اس چیز پر رضا مندی جو تو نے معاش میں سے

قَسَمْتَ لِيْ۔

میرے حصہ میں کر دی ہے۔

۱۱۵۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا

یا اللہ! تیرے واسطے کُل تعریف ہے جیسی کہ تو فرماتا ہے، اور اس سے بڑھ کر

مِّمَّا نَقُوْلُ۔

جو ہم کہتے ہیں۔

۱۱۶۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق

الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ،

اور اعمال اور نفسانی خواہشوں اور بیماریوں سے

وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ

اور ہم تیری پناہ میں آتے ہیں ہر اس چیز سے جس سے تیرے نبی

مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے اور مستقل قیامگاہ میں بُرے پڑوسی سے

فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ

(اسلئے کہ سفر کا ساتھی تو چل ہی دیتا ہے) اور

وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنَ

دشمن کے غلبہ سے اور دشمنوں کے طعنہ سے اور

الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ

بھوک سے کہ وہ بُری ہمخواب ہے اور خیانت سے کہ وہ

فَبِئْسَتِ الْبِطَانَةُ وَاَنْ نَّرْجِعَ عَلٰٓى

بُری ہمراز ہے، اور اس سے کہ ہم پچھلے

اَعْقَابِنَا اَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا وَمِنَ الْفِتَنِ

پیروں لوٹ جائیں یا فتنہ میں پڑکر دین سے الگ ہوجائیں اور سارے فتنوں سے

مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَمِنْ يَّوْمِ السُّوْٓءِ

جو ظاہری ہوں یا باطنی، اور بُرے دن سے

Scanned with CamScanner

وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ

اور بُری رات سے اور بُری گھڑی سے اور

وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ

بُرے ساتھی سے۔

☆......☆......☆

# المنزل الرابع، یوم الثلاثاء

## چوتھی منزل، بروز منگل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

۱۱۷۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ

یا اللہ! تیرے ہی لئے ہے میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا

وَمَمَاتِيْ وَاِلَيْكَ مَاٰبِيْ وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِيْ۔

اور میرا مرنا اور تیری ہی طرف ہے میرا رجوع اور تیرا ہی ہے جو کچھ میں چھوڑ جاؤں گا۔

۱۱۸۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيْٓءُ بِهِ الرِّيَاحُ۔

یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں ہوائیں لاتی ہیں۔

۱۱۹۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْۤ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ

یا اللہ! مجھے ایسا کردے کہ تیرا بڑا شکر کروں اور تیرا ذکر بہت کرتا رہوں

ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ،

اور تیری نصیحتوں کو مانتا رہوں اور تیری ہدایتوں کو یادرکھوں،

اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا

یا اللہ! ہمارے دل اور ہم خود سرتا پا اور ہمارے اعضاء تیرے ہی

بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَإِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ
قبضہ میں ہیں، تو نے ہمیں اُن میں سے کسی چیز پر بھی اختیار (کامل) نہیں دیا ہے پس جب تو نے

بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَاءِ السَّبِيْلِ۔
ہمارے ساتھ یہ کیا ہے تو تو ہی ہمارا مدد گار رہیو، اور ہمیں سیدھی راہ دکھاتے رہیو۔

۱۲۰۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَاءِ اِلَىَّ
یا اللہ! اپنی محبت کو میرے لئے تمام چیزوں سے محبوب تر

وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَاءِ عِنْدِىْ
اور اپنے ڈرکو میرے لئے تمام چیزوں سے خوفناک تر بنادے

وَاقْطَعْ عَنِّىْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى
اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق دے کر دنیا کی حاجتیں مجھ سے

لِقَائِكَ وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ
قطع کردے اور جہاں تونے دنیا والوں کی آنکھیں

دُنْيَاهُمْ فَاَقْرِرْ عَيْنِىْ مِنْ عِبَادَتِكَ۔
ان کی دنیا سے ٹھنڈی کر رکھی ہیں، میری آنکھ اپنی عبادت سے ٹھنڈی رکھ۔

۱۲۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَ
یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں تندرستی کی اور پاکبازی کی اور

الْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدَرِ۔

امانت کی اور حسنِ خلق کی اور تقدیر پر راضی رہنے کی۔

۱۲۲۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا،

یا اللہ! تیرے ہی لئے ہر تعریف ہے شکر کے ساتھ اور تیرا ہی حصہ ہے فضل وکرم کے ساتھ ہر طرح احسان کرنا،

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَآبِّكَ

یا اللہ! میں تجھ سے توفیق طلب کرتا ہوں اعمال کی

مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ

جو تجھے پسند ہوں اور تجھ پر سچے توکل کی

وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ۔

اور تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کی۔

۱۲۳۔ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ

یا اللہ! میرے دل کے کان اپنے ذکر کے لئے کھول دے

وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا

اور مجھے نصیب کر فرمانبرداری اپنی اور فرمانبرداری اپنے رسول کی اور عمل

بِكِتَابِكَ۔

تیری کتاب پر۔

Scanned with CamScanner

۱۲۴- اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْ اَرَاكَ اَبَدًا

یا اللہ! مجھے ایسا کردے کہ میں تجھ سے اس طرح ڈرا کروں کہ گویا میں ہر وقت تجھے دیکھتا رہتا ہوں

حَتّٰى اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِیْ

یہاں تک کہ تجھ سے آملوں اور مجھے تقویٰ سے سعادت دے اور مجھے شقی نہ بنا

بِمَعْصِيَتِكَ۔

اپنی معصیت سے۔

۱۲۵- اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِیْ فِیْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ

یا اللہ! ہر دشوار کو آسان کر کے مجھ پر فضل و کرم کردے،

تَيْسِيْرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ وَّاَسْئَلُكَ الْيُسْرَ

تیرے لئے ہر دشواری کو آسان کر دینا آسان ہی ہے اور میں تجھ سے دنیا و آخرت (دونوں) میں

وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اعْفُ

سہولت اور معافی کی درخواست کرتا ہوں، یا اللہ! مجھ سے درگزر کر، تو تو بڑا

عَنِّیْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ۔

معاف کرنیوالا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

۱۲۶- اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ

یا اللہ! میرے دل کو نفاق سے پاک کردے اور میرے عمل کو ریا سے

الرِّيَاءِ وَلِسَانِي مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِي مِنَ الْخِيَانَةِ

اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے،

فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ۔

تجھ پر تو روشن ہیں آنکھوں کی چوریاں بھی اور جو کچھ دل چھپائے رکھتے ہیں وہ بھی۔

۱۲۷۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَسْقِيَانِ

یا اللہ! مجھے برسنے والی آنکھیں نصیب کر جو دل کو تیری خشیت کی بنا پر

الْقَلْبَ بِذُرُوفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ

بہتے ہوئے آنسوؤں سے سیراب کردیں بغیر اس کے کہ

أَنْ تَكُونَ الدُّمُوعُ دَمًا وَّالْأَضْرَاسُ جَمْرًا۔

آنسو خون ہوجائیں اور کچلیاں انگارے بن جائیں۔

۱۲۸۔ اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي قُدْرَتِكَ وَأَدْخِلْنِي فِي

یا اللہ! مجھے اپنی قدرت سے امن چین دے اور مجھے اپنی رحمت میں

رَحْمَتِكَ وَاقْضِ أَجَلِي فِي طَاعَتِكَ وَاخْتِمْ

داخل کرلے اور میری عمر اپنی طاعت میں گذار دے اور میرا خاتمہ

لِي بِخَيْرِ عَمَلِي وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ۔

میرے بہترین عمل پر کر اور اس کی جزا جنت دے۔

۱۲۹۔ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ

یا اللہ! فکر کے دور کرنے والے! غم کے زائل کرنے والے!

مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا

بیقراروں کی دعا کے قبول کرنے والے! دنیا کے رحمٰن

وَرَحِيْمَهَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ

و رحیم! مجھ پر توہی رحم کرے گا، تو میرے اوپر ایسی رحمت کرکہ

تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ۔

تو اس کی بنا پر مجھے اپنے سوا ہر ایک کی رحمت سے مستغنی کردے۔

۱۳۰۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فُجَآءَةِ الْخَيْرِ

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتاہوں بھلائی غیر متوقع

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَآءَةِ الشَّرِّ۔

اور ناگہانی برائی سے تیری پناہ۔

۱۳۱۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

یا اللہ! تیرا ہی نام سلام ہے اور تجھی سے سلامتی کی ابتداء ہے

وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْئَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ

اور تیری ہی طرف ہر سلامتی لوٹتی ہے،اے صاحبِ عزت و جلال

وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ

میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ تو ہمارے حق میں ہماری دعا قبول کرلے اور تو

تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ

ہماری خواہشیں پوری کردے اور تو نے اپنی مخلوق میں سے جن کو ہم سے غنی کردیا ہے،

عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ۔

اُن سے ہم کو بھی غنی کردے۔

۱۳۲۔ اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ۔

یا اللہ! تو ہی میرے لئے (چیزوں کو) چھانٹ لے اور پسند کرلے۔

۱۳۳۔ اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِیْ بِقَضَآئِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِيْمَا

یا اللہ! مجھے اپنی مشیت پر راضی رکھ اور جو کچھ میرے لئے مقدر کردیا گیا ہے

قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا

اس میں مجھے برکت دے تاکہ جو چیز تو نے دیر میں رکھی ہے اُس کے لئے میں جلدی نہ چاہوں

تَاْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ۔

اور جو چیز تو نے جلد رکھی ہے اس میں میں دیر نہ چاہوں۔

۱۳۴۔ اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ۔

یا اللہ! عیش تو بس عیشِ آخرت ہی ہے اور (اس کے سوا) کوئی نہیں۔

Scanned with CamScanner

۱۳۵۔ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا
یا اللہ! مجھے خاکسار بنا کر زندہ رکھ اور خاکساری ہی کی حالت میں موت لا
وَّاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ۔
اور مجھے خاکساروں ہی میں اٹھا۔

۱۳۶۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَحْسَنُوْا
یا اللہ! مجھے ان لوگوں میں سے کردے جو جب کوئی نیک کام کرتے ہیں
اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَآ اَسَآءُوا اسْتَغْفَرُوْا۔
تو خوش ہوتے ہیں اور جب کوئی بُرائی کرتے ہیں تو مغفرت چاہنے لگتے ہیں۔

۱۳۷۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ
یا اللہ! میں تجھ سے تیری خاص رحمت کی درخواست کرتا ہوں
تَهْدِيْ بِهَا قَلْبِيْ وَتَجْمَعُ بِهَآ اَمْرِيْ وَتَلُمُّ
جس سے تو میرے دل کو ہدایت کردے اور اس سے میرے کاموں کو جمعیت دے اور اس سے میری ابتری
بِهَا شَعْثِيْ وَتُصْلِحُ بِهَا دِيْنِيْ وَتَقْضِيْ بِهَا دَيْنِيْ
کو درست کردے اور اس سے میرے دین کو سنوار دے اور اس سے میرے قرضہ کو ادا کردے
وَتَحْفَظُ بِهَا غَآئِبِيْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ
اور اس سے میری نظر سے غائب چیزوں کی نگہبانی کر، اور اس سے میری پیشِ نظر چیزوں کو بلندی عطا کر

Scanned with CamScanner

وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِيْ وَتُزَكِّيْ بِهَا عَمَلِيْ وَتُلْهِمُنِيْ

اور اس سے میرا چہرہ نورانی کردے اور اس سے میرا عمل پاکیزہ کردے اور اس سے رشد میرے دل میں

بِهَا رَشَدِيْ وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِيْ وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا

ڈال دے اور اس سے میرے حالِ مالوف کو لوٹا دے اور اس کے واسطہ سے مجھے

مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ۔

ہر برائی سے بچائے رکھ۔

۱۳۸۔ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَيَقِيْنًا لَّيْسَ

یا اللہ! مجھے ایسا ایمان دے جو پھر نہ پھرے اور ایسا یقین کہ اس کے بعد

بَعْدَهٗ كُفْرٌ وَّرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ

کفر نہ ہو اور ایسی رحمت کہ اس کے ذریعہ سے میں دنیا اور آخرت میں تیرے ہاں

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

کی عزت کا شرف پالوں۔

۱۳۹۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ فِي الْقَضَآءِ وَنُزُلَ

یا اللہ! میں تجھ سے طلب کرتاہوں امور تکوینی میں کامیابی اور شہیدوں کی سی

الشُّهَدَآءِ وَعَيْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَآءِ

مہمانی اور سعیدوں کا ساعیش اور انبیاء کی رفاقت

وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ۔

اور دشمنوں پر فتح، بیشک توہی دعاؤں کا سننے والا ہے

۱۴۰۔ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَاْيِىْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِىْ

یا اللہ! جو بھلائی بھی ایسی ہو کہ اس تک پہنچنے سے میری سمجھ قاصر رہ گئی ہو اور میرا عمل وہاں تک نہ پہنچ

وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِىْ وَمَسْاَلَتِىْ مِنْ خَيْرٍ

دے سکا ہو اور اس تک میری آرزو اور میرے سوال کی رسائی نہ ہو اور تو نے اُس بھلائی کا

وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ

وعدہ اپنی مخلوق میں سے کسی سے بھی کیا ہو یا جو ایسی بھلائی ہو کہ تو اپنے بندوں میں سے کسی کو بھی

اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنِّىْٓ اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ

دینے والا ہو تو میں تجھ سے اسکی خواہش اور تجھ سے تیری

وَاَسْاَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

رحمت کے واسطہ سے طلب کرتا ہوں، اے عالموں کے پروردگار

۱۴۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِىْ وَاِنْ قَصُرَ رَاْيِىْ

یا اللہ! میں اپنی خواہش تیرے ہی حوالہ کرتا ہوں گو میری سمجھ کوتاہی کرے

وَضَعُفَ عَمَلِى افْتَقَرْتُ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَاَسْئَلُكَ

اور میرا عمل ضعیف رہے، میں محتاج ہوں تیری رحمت کا، تو اے سب کاموں کے

Scanned with CamScanner

يَا قَاضِيَ الْأُمُوْرِ وَيَا شَافِيَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِيْرُ

پورا کرنے والے! اور اے دلوں کے شفا دینے والے! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ جس طرح

بَيْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ

تونے سمندروں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے تو مجھے بھی دوزخ کے عذاب سے

وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ۔

اور جزع فزع سے اور فتنۂ قبور سے (ایسے ہی) فاصہ پر رکھیو۔

۱۴۲۔ اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ

یا اللہ! مضبوط ڈور والے! اور درست حکم والے!

اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ الْخُلُوْدِ

میں تجھ سے حشر میں امن کی طلب کرتا ہوں اور آخرت میں جنت کی، اُن لوگوں کے ساتھ

مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ

جو مقرب ہیں، حاضر باش ہیں، بڑے رکوع کرنے والے ہیں، بڑے سجدہ کرنے والے ہیں، اور اپنے

بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ وَّ اِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ۔

اقراروں کو پورا کرنیوالے ہیں، بیشک تو بڑا مہربان ہے۔ بڑا شفیق ہے، اور تو جو چاہے کرسکتا ہے۔

۱۴۳۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَآلِّيْنَ

یا اللہ! ہمیں بنادے راہنما راہ یاب (نہ کہ بے راہ اور بھٹکانے والے)

وَلَا مُضِلِّيْنَ سِلْمًا لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَآئِكَ

اور اپنے دوستوں کا دوست اور اپنے دشمنوں کا دشمن

نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ

ہم تیری مخلوق میں اسی کو دوست رکھیں جو تجھے دوست رکھتا ہو اور دشمن رکھیں

مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ.

اُسے جو تیرا نافرمان ہو۔

۱۴۴۔ اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَآءُ وَعَلَيْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا

یا اللہ! دعا تو یہ ہے اور قبول کرنا تیرا کام ہے، کوشش یہ ہے

الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ، اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى

اور بھروسہ تیرے ہی اوپر ہے، یا اللہ! مجھے میرے نفس کے

نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ

حوالہ ایک پلک بھر کے لئے بھی نہ کر اور جو بھی اچھی چیزیں تو نے مجھے دی ہیں

مَآ اَعْطَيْتَنِيْ.

وہ مجھ سے واپس نہ لے۔

۱۴۵۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اِسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا

یا اللہ! تو ایسا خدا تو نہیں ہے جسے ہم نے گڑھ لیا ہو اور نہ

بِرَبٍّ يَبِيْدُ ذِكْرُهٗ ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَآءُ

ایسا پروردگار جسکا ذکر نا پائیدار ہے کہ ہم نے اُسے اختراع کرلیا ہو اور نہ تیرے اور ساتھی ہیں

يَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَلْجَأُ

جو حکم میں تیرے شریک ہیں اور نہ تجھ سے پہلے ہی ہمارا کوئی خدا تھا جس سے ہم پناہ

اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَآ اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَآ اَحَدٌ

حاصل کرتے رہے ہوں اور تجھ کو چھوڑ دیتے ہوں اور نہ کسی نے ہمارے پیدا کرنے میں تیری مدد کی ہے

فَنُشْرِكُهٗ فِيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ فَنَسْأَلُكَ

کہ ہم اس کو تیرے ساتھ شریک سمجھیں، تو بابرکت ہے اور تو برتر ہے پس ہم تجھ سے اے وہ کہ سوا تیرے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اغْفِرْ لِيْ۔

کوئی معبود نہیں، درخواست کرتے ہیں کہ تو مجھے بخش دے۔

١٤٦۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفَّاهَا

یا اللہ! تو نے ہی میری جان کو پیدا کیا ہے اور تو ہی اسے موت دے گا،

لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا

تیرے ہی ہاتھ میں اس کا مرنا اور اس کا جینا ہے۔ تو اگر اسے زندہ رکھتا ہے تو اُس کی ایسی حفاظت کر جیسی

بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا

کہ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے اور اگر تو اسے موت دیتا ہے

فَاغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا۔

تو تو اسے بخش دینا اور اس پر رحم کرنا۔

۱۴۷۔ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ وَزَيِّنِّيْ بِالْحِلْمِ

یا اللہ! مجھے مدد دے علم دے کر اور مجھے آراستہ کر وقار دے کر

وَاَكْرِمْنِيْ بِالتَّقْوٰى وَجَمِّلْنِيْ بِالْعَافِيَةِ۔

اور مجھے بزرگی دے تقویٰ دے کر اور مجھے جمال دے امن چین دے کر۔

۱۴۸۔ اَللّٰهُمَّ لَا يُدْرِكُنِيْ زَمَانٌ وَّلَا يُدْرِكُوْا

یا اللہ! مجھے وہ زمانہ نہ پائے اور نہ یہ لوگ اس زمانہ کو پائیں

زَمَانًا لَّا يُتَّبَعُ فِيْهِ الْعَلِيْمُ وَلَا يُسْتَحْيٰ

جس میں نہ صاحبِ علم کی پیروی کی جائے اور نہ صاحبِ حلم کا

فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الْاَعَاجِمِ

لحاظ کیا جائے اور اُن کے دل عجمیوں کے سے ہوجائیں

وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ۔

اور ان کی زبانیں اہل عرب کی سی رہ جائیں۔

۱۴۹۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ

یا اللہ! میں تجھ سے وعدہ لیتا ہوں جسے تو ہر گز نہ توڑیو،

تُخَلِّفْنِيْهِ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ أَذَيْتُهٗ

کہ میں بھی آخر بشر ہی ہوں، سو جس کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں

أَوْ شَتَمْتُهٗ أَوْ جَلَدْتُّهٗ أَوْ لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً

یا اسے بُرا بھلا کہوں یا اُسے ماروں پیٹوں یا اُسے بددعا دوں، تو اس (سب) کو تو اس کے حق میں

وَّزَكٰوةً وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا إِلَيْكَ۔

رحمت اور پاکیزگی اور قربت کا ذریعہ بنا دیجئو، جس سے تو اُس کو مقرب بنالے۔

۱۵۰۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَمِنَ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں، برص سے اور ضدا ضدی سے

الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْأَخْلَاقِ وَمِنْ شَرِّ مَا

اور نفاق سے اور بُرے اخلاق سے اور ہر اس چیز کی بُرائی سے جو تیرے علم میں ہے،

تَعْلَمُ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ أَهْلِ النَّارِ وَمِنَ

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اہل دوزخ کے حال سے اور (خود) دوزخ سے

النَّارِ وَمَا قَرَّبَ إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَّمِنْ

اور ہر اُس چیز سے خواہ وہ قول ہو یا عمل جو اُس سے قریب کرے اور

شَرِّ مَا أَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهٖ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ

ہر اس چیز کی بُرائی سے جو تیرے قبضہ میں ہے اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر اُس

Scanned with CamScanner

شَرِّ مَا فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ وَمِنْ شَرِّ

بُرائی سے جو آج کے دن میں ہے اور ہر اُس بُرائی سے جو اُس کے بعد ہے اور اپنے نفس کی

نَفْسِیْ وَشَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِهٖ وَاَنْ نَّقْتَرِفَ

بُرائی سے اور شیطان کی بُرائی سے اور شیطان کے شرک سے اور اس سے کہ ہم کی

عَلٰۤی اَنْفُسِنَا سُوْٓءًا اَوْ نَجُرَّهٗۤ اِلٰی مُسْلِمٍ اَوْ اَکْتَسِبَ

شر کو اپنے اوپر لگائیں یا اسے کسی مسلمان تک پہنچائیں یا میں کوئی

خَطِیْٓئَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ وَمِنْ ضِیْقِ الْمَقَامِ

ایسی خطا یا گناہ کروں جسے تو نہ بخشے اور

یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔

قیامت کے دن تنگی سے۔

# المنزل الخامس، یوم الاربعاء

پانچویں منزل، بروز بدھ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

١٥١۔ اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ۔

یا اللہ! میری شرمگاہ کو محفوظ کردے اور مجھ پر میرے کام آسان کردے۔

١٥٢۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْٓءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ۔

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وضو کا کمال اور نماز کا کمال اور تیری خوشنودی کا کمال اور تیری مغفرت کا کمال۔

١٥٣۔ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ۔

یا اللہ! میرا نامۂ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں دیجیو۔

١٥٤۔ اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِيْ عَذَابَكَ۔

یا اللہ! مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ لے اور مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھنا۔

١٥٥۔ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ۔

یا اللہ! میرے قدم ثابت رکھنا جس دن کہ قدم ڈگنے لگیں گے۔

Scanned with CamScanner

۱۵۶۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِيْنَ۔

یا اللہ! ہمیں فلاح یاب بنائیو۔

۱۵۷۔ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ

یا اللہ! اپنے ذکر سے ہمارے دلوں کے قفل کھول دے

وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعْمَتَكَ وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ

اور ہم پر اپنی نعمت کو پورا کر، اپنے فضل کو پورا کر،

فَضْلِكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ۔

اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں سے کر لے۔

۱۵۸۔ اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِيْ عِبَادَكَ

یا اللہ! مجھے وہ سب سے بڑھ کر دے جو تو اپنے

الصَّالِحِيْنَ۔

نیک بندوں کو دیتا ہے۔

۱۵۹۔ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِيْ مُسْلِمًا۔

یا اللہ! مجھے مسلمان ہی زندہ رکھ اور مسلمان ہی (رکھ کر) مجھے وفات دے۔

۱۶۰۔ اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ وَاَلْقِ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

یا اللہ! کافروں کو عذاب دے اور ان کے دلوں میں

Scanned with CamScanner

الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَنْزِلْ عَلَيْهِمْ
ہیبت بٹھا دے اور ان کی بات میں اختلاف پیدا کردے اور ان پر اپنا قہر و عذاب

رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ، اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ
نازل کر، یا اللہ! کافروں کو عذاب دے،

اَهْلَ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ يَجْحَدُوْنَ
چاہے وہ اہلِ کتاب ہوں یا مشرک، بہر حال جو بھی تیری آیتوں کا انکار کرتے ہیں

اٰيٰتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ
اور تیرے رسولوں کی تکذیب کرتے ہیں اور تیری راہ سے (دوسروں کو)

سَبِيْلِكَ وَيَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ
روکتے ہیں اور تیری (مقرر کی ہوئی) حدوں سے تجاوز کرتے ہیں اور تیرے ساتھ کسی اور معبود کو بھی

اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ
پکارتے ہیں، حالانکہ کوئی بھی معبود نہیں ہے بجز تیرے، بابرکت ہے تو اور ہر طرح نہایت درجہ برتر ہے

عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا۔
تو اس سے کہ جو یہ ظالم کہتے ہیں۔

۱۶۱۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
یا اللہ! تو مجھے بخش دے اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں کو

Scanned with CamScanner

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ وَاَصْلِحْ

اور تمام اسلام والوں اور اسلام والیوں کو اور انہیں سنوار دے اور اُنکے آپس میں

ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاجْعَلْ

صلح کردے اور اُنکے دلوں میں اُلفت دیدے اور ان کے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ

حکمت اور ایمان رکھ دے اور انہیں اپنے رسول کے

عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ يَّشْكُرُوْا

دین پر ثابت رکھ اور انہیں توفیق دے کہ جو نعمت تو نے انہیں نصیب کی ہے

نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ يُّوْفُوْا

اس کا وہ شکر کرتے رہیں اور جو عہد تو نے اُن سے لیا ہے اُسے

بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ

وہ پورا کرتے رہیں اور انہیں اپنے اور اُن کے

عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ

دشمنوں پر غالب رکھ، اے معبودِ برحق! تو پاک ہے

سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ، اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ

کوئی معبود سوا تیرے نہیں ہے، میرے گناہ بخش دے

وَاَصْلِحْ لِیْ عَمَلِیْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ

اور میرے عمل درست کردے بیشک تو ہی گناہ بخش دیتا ہے جسکے چاہتا ہے

تَشَآءُ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ، یَاغَفَّارُ اغْفِرْلِیْ،

اور تو ہی مغفرت کرنیوالا ہے، رحم کرنیوالا ہے، اے بخشنے والے! مجھے بخش دے،

یَاتَوَّابُ تُبْ عَلَیَّ، یَارَحْمٰنُ ارْحَمْنِیْ

اے توبہ قبول کرنے والے! میری توبہ قبول کر، اے بہت زیادہ رحم کرنے والے! مجھ پر رحم کر،

یَاعَفُوُّ اعْفُ عَنِّیْ، یَارَءُوْفُ ارْءُفْ بِیْ،

اے معاف کرنے والے! مجھے معاف کر، اے مہربان! مجھ پر مہربانی کر،

یَارَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ

اے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ تونے جو نعمت مجھے دی ہے اس کا شکر ادا کروں

عَلَیَّ وَطَوِّقْنِیْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ، یَارَبِّ اَسْئَلُكَ

اور مجھے طاقت دے کہ تیری عبادت اچھی طرح کروں، اے پروردگار! میں تجھ سے

مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ، یَارَبِّ افْتَحْ لِیْ بِخَیْرٍ وَّاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرٍ

بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب، اے پروردگار! میرا آغاز خیر کے ساتھ کر اور میرا خاتمہ خیر کے ساتھ کر،

وَّقِنِی السَّیِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ

اور مجھے بُرائیوں سے بچالے اور جسے تونے بُرائیوں سے اس دن بچا لیا بیشک تو نے اس پر

Scanned with CamScanner

رَحِمْتَهٗ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔

رحم ہی کیا اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

۱۶۲۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ

یا اللہ! تیرے ہی لئے تعریف ہے سب کی سب اور تیرے ہی لئے شکر ہے

وَلَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ بِيَدِكَ

سب کا سب اور تیرے ہی لئے ہے حکومت سب کی سب اور تیرے ہی لئے ہے مخلوق سب کی سب،

الْخَيْرُ كُلُّهٗ اِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ اَسْئَلُكَ

تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے سب کی سب اور تیری ہی طرف امور رجوع ہوتے ہیں سب کے سب،

الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ۔

میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی سب کی سب، اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں ساری کی ساری بُرائیوں سے۔

۱۶۳۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ، اَللّٰهُمَّ

اس اللہ کے نام (کی برکت) سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، یا اللہ!

اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَالْحُزْنَ، اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ

مجھ سے فکر اور غم دور فرمادے، یا اللہ! میں تیری ہی حمد کے

انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِىْ اعْتَرَفْتُ۔

ساتھ چلتا پھرتا ہوں، اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔

Scanned with CamScanner

۱۶۴۔ اَللّٰهُمَّ اِلٰهِیْ وَ اِلٰهَ اِبْرَاهِیْمَ وَ اِسْحٰقَ

یا اللہ! میرے معبود! اور ابراہیم و اسحٰق و

وَ یَعْقُوْبَ وَ اِلٰهَ جِبْرَ ئِیْلَ وَ مِیْکَآئِیْلَ وَ

یعقوب کے معبود! اور جبرئیل اور میکائیل اور

اِسْرَافِیْلَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَسْتَجِیْبَ دَعْوَتِیْ

اسرافیل کے معبود! میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میری عرض قبول کر لے

فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَّ تَعْصِمَنِیْ فِیْ دِیْنِیْ فَاِنِّیْ مُبْتَلًی

کہ میں بے قرار ہوں اور تو مجھے میرے دین کے باب میں محفوظ رکھ کہ میں بلا میں پڑا ہوا ہوں

وَّ تَنَالَنِیْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّیْ مُذْنِبٌ وَّ تَنْفِیَ عَنِّیَ

اور اپنی رحمت میرے شاملِ حال رکھنا کہ میں گنہگار ہوں اور مجھ سے

الْفَقْرَ فَاِنِّیْ مُتَمَسْكِنٌ۔

محتاجی دور رکھنا کہ میں بے کس ہوں۔

۱۶۵۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ

یا اللہ! میں تجھ سے ہر اُس حق سے مانگتا ہوں جو سائلوں کا تجھ پر ہے

فَاِنَّ لِلسَّآئِلِ عَلَیْكَ حَقًّا اَیُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ

کیونکہ بے شک سائلوں کا تجھ پر حق ہے کہ خشکی اور تری کے جس کسی بھی

أَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَهُمْ وَاسْتَجَبْتَ

غلام یا باندی کی دعا تو نے قبول کی ہو تو ہمیں ان اچھی دعاؤں میں

دُعَآئَهُمْ اَنْ تُشْرِكَنَا فِيْ صَالِحِ مَا يَدْعُوْنَكَ

شریک کردے جو وہ تجھ سے مانگیں اور تو انہیں

فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِيْ صَالِحِ مَا نَدْعُوْكَ فِيْهِ

ان اچھی دعاؤں میں شریک کردے جو ہم تجھ سے مانگیں

وَاَنْ تُعَافِيَنَا وَاِيَّاهُمْ وَاَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ

اور یہ کہ تو ہمیں اور انہیں چین دے ، اور تو ہماری اور اُن کی دعائیں قبول کر

وَاَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا وَعَنْهُمْ فَاِنَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ

اور یہ کہ تو ہم سے اور اُن سے درگذر کر، بے شک ہم ایمان لائے اُس پر جو تو نے اُتارا ہے اور ہم نے

وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ۔

رسول کی پیروی کی پس ہمیں بھی شہادت دینے والوں میں لکھ لے۔

۱۶۶۔ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَاجْعَلْ فِي

یا اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مقامِ وسیلہ عنایت کر، اور آپ کی محبوبیت

الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِي

برگزیدہ لوگوں میں کردے اور آپ کا مرتبہ عالی لوگوں میں اور آپ کا

Scanned with CamScanner

الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ۔

ذکر اہلِ تقرّب میں۔

۱۶۷۔ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَيَّ

یا اللہ! مجھے اپنے ہاں سے ہدایت نصیب کر اور مجھے اپنے فضل و کرم سے

مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ

مستفید کر اور مجھ پر اپنی رحمت کامل کر اور مجھ پر

عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ۔

اپنی برکتیں نازل کر۔

۱۶۸۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ

اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر اور میری توبہ قبول کر، تو ہی

اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔

بڑا توبہ قبول کرنے والا اور بڑا رحم والا ہے۔

۱۶۹۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ تَوْفِيْقَ اَهْلِ الْهُدٰى

یا اللہ! میں تجھ سے توفیق مانگتا ہوں اہلِ ہدایت کی سی

وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْيَقِيْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ

اور عمل اہلِ یقین کے سے اور اخلاص اہلِ توبہ کا سا

التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ

اور ہمت اہلِ صبر کی سی اور کوشش اہلِ خوف کی سی

وَ طَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ

اور طلب اہلِ شوق کی سی اور عبادت اہلِ تقویٰ کی سی

وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰٓى اَلْقَاكَ۔

اور معرفت اہلِ علم کی سی تا آنکہ میں تجھ سے مل جاؤں۔

۱۷۰۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِىْ عَنْ

یا اللہ! میں تجھ سے وہ خوف مانگتا ہوں جو مجھے تیری نافرمانیوں سے

مَّعَاصِيْكَ حَتّٰٓى اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلاً اَسْتَحِقُّ

روک دے تاکہ میں تیری طاعت کے ایسے عمل کروں جن سے میں تیری خوشنودی کا

بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰٓى اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا

مستحق ہوجاؤں اور تاکہ میں تجھ سے ڈرکر تیرے سامنے

مِّنْكَ وَحَتّٰٓى اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَآءً

خالص توبہ کروں اور تاکہ تجھ سے شرما کر تیرے روبرو خلوص کو

مِّنْكَ وَحَتّٰٓى اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِى الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

صاف کروں اور تاکہ کل کاموں میں تجھ پر بھروسہ کروں

Scanned with CamScanner

التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ

اور ہمت اہلِ صبر کی سی اور کوشش اہلِ خوف کی سی

وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ

اور طلب اہلِ شوق کی سی اور عبادت اہلِ تقویٰ کی سی

وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰٓى اَلْقَاكَ۔

اور معرفت اہلِ علم کی سی تا آنکہ میں تجھ سے مل جاؤں۔

۱۷۰۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِيْ عَنْ

یا اللہ! میں تجھ سے وہ خوف مانگتا ہوں جو مجھے تیری نافرمانیوں سے

مَّعَاصِيْكَ حَتّٰٓى اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ

روک دے تاکہ میں تیری طاعت کے ایسے عمل کروں جن سے میں تیری خوشنودی کا

بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰٓى اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا

مستحق ہوجاؤں اور تاکہ میں تجھ سے ڈرکر تیرے سامنے

مِّنْكَ وَحَتّٰٓى اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَآءً

خالص توبہ کروں اور تاکہ تجھ سے شرما کر تیرے روبرو خلوص کو

مِّنْكَ وَحَتّٰٓى اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

صاف کروں اور تاکہ کل کاموں میں تجھ پر بھروسہ کروں

Scanned with CamScanner

وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ،

اور تیرے ساتھ گمانِ نیک کو طلب کرتا ہوں۔ پاک ہے اے نور کے پیدا کرنے والے!

اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَاءَةً وَّلَا تَأْخُذْنَا

یا اللہ! ہم کو ناگہاں ہلاک نہ کرنا اور نہ ہم کو اچانک پکڑنا

بَغْتَةً وَّلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِيَّةٍ۔

اور نہ ہمیں کسی حق و وصیت کی طرف سے غفلت میں رکھنا۔

۱۷۱۔ اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ، اَللّٰهُمَّ

یا اللہ! میری قبر میں وحشت کی جگہ اُنس پیدا کردینا، یا اللہ! مجھ پر

ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ إِمَامًا

قرآنِ عظیم کے طفیل میں رحم کرنا اور اسے میرے حق میں رہبر

وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً، اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ

اور نور اور ہدایت اور رحمت بنادینا، یا اللہ! میں اس میں سے جو کچھ بھول گیا ہوں وہ مجھے

مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ

یاد کرادے اور اس میں سے جو کچھ میں نہ جانتا ہوں وہ مجھے سکھادے اور مجھے

تِلَاوَتَهٗ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِيْ

اس کی تلاوت دن اور رات کے اوقات میں نصیب کر اور اسے

Scanned with CamScanner

حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔

میرے لئے حجت بنادے ، اے پروردگارِ عالم!

١٧٢۔ اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ

یا اللہ! میں تیرا بندہ ہوں اور بیٹا ہوں تیرے بندہ اور

اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ اَتَقَلَّبُ فِيْ قَبْضَتِكَ وَ

بندی کا، ہمہ تن تیری ہی مٹھی میں ہوں، تیرے قبضہ میں چلتا پھرتا ہوں،

اُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ وَاُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِيْ

تیرے ہی ملنے کی تصدیق کرتا ہوں اور تیرے وعدہ پر یقین رکھتا ہوں، تو نے مجھے حکم دیا،

فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِيْ فَاَتَيْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَآئِذِبِكَ

لیکن میں نے نافرمانی کی اور تو نے مجھے روکا تو میں نے اس کا ارتکاب کیا، یہ جگہ دوزخ سے پناہ

مِنَ النَّارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ

لینے کی تیرے ذریعہ سے ہے۔ کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے، تو پاک ہے، میں نے اپنی جان

نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔

پر ظلم کیا، تو ہمیں بخش دے، بیشک کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا بجز تیرے۔

١٧٣۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَبِكَ

یا اللہ! تجھی کو ہر تعریف سزاوار ہے، اور تجھی سے شکایت چاہئے اور تجھی سے

Scanned with CamScanner

اَلْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

فریاد چاہیے اور مدد تجھی سے طلب کئے جانے کے قابل ہے اور نہ کوئی بچاؤ (گناہ سے) ہے، اور نہ کوئی

اِلَّا بِاللّٰهِ۔

قوت (عبادت کی) ہے، بجز اللہ کے ہاتھ میں۔

۱۷۴۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ

یا اللہ! میں تیری رضا کی پناہ میں آتا ہوں تیری ناخوشی سے

وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ

اور تیری عفو کی پناہ میں تیرے عذاب سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں خود تجھ سے،

لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ،

میں تیری تعریف پوری طرح کر ہی نہیں سکتا ہوں تو اسی تعریف کے لائق ہے جو تو نے خود اپنی ذات کی

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نَّزِلَّ اَوْ نُزَلَّ اَوْ

کی ہے، یا اللہ! ہم تیری پناہ میں آتے ہیں اس سے کہ ہم کہیں ڈگ جائیں، یا کسی کو ڈگائیں،

نُضِلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ يُظْلَمَ عَلَيْنَآ اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ

یا ہم کسی کو گمراہ کریں، یا ہم کسی پر ظلم کریں یا کوئی ہم پر ظلم کرے، یا ہم جہالت کریں یا کوئی ہم سے

عَلَيْنَآ اَوْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ

جہالت کرے، یا میں گمراہ ہوں یا کوئی مجھے گمراہ کرے، میں تیری ذاتِ گرامی کے نور کی پناہ میں آتا ہوں

الَّذِيْٓ اَضَآءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ

جس نے آسمانوں کو روشن کررکھا ہے اور اس سے ظلمتیں چمک اٹھی ہیں

الظُّلُمَاتُ وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ

اور اس سے دنیا اور آخرت کے کام درست ہیں ،

تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ وَلَكَ

(پناہ) اس امر سے کہ تو مجھ پر اپنا غصہ اتارے اور تو مجھ پر اپنی ناخوشی نازل کرے اور حق ہے کہ تو ہی

الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِكَ، اَللّٰهُمَّ

منایا جائے یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے اور نہ کوئی بچاؤ ( گناہ سے ) ہے اور نہ کوئی طاقت ( عبادت )

وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ

کی ہے ۔ مگر تیری ہی مدد سے ۔ یا اللہ! میں نگہبانی چاہتا ہوں بچہ کی سی نگہبانی ۔ یا اللہ! میں تیری پناہ

مِنْ شَرِّ الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ وَالْبَعِيْرِ الصَّئُوْلِ۔

میں آتا ہوں دو اندھی بُرائیوں یعنی سیلاب اور حملہ آور اونٹ سے ۔

☆......☆......☆

Scanned with CamScanner

# المنزل السادس، یوم الخمیس

## چھٹی منزل، بروز جمعرات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

۱۷۵۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ طفیل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نَبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَمُوْسٰى

جو تیرے نبی ہیں اور بہ طفیل ابراہیم (علیہ السلام) کے جو تیرے خلیل ہیں اور بہ طفیل موسیٰ (علیہ السلام) کے

نَجِيِّكَ وَعِيْسٰى رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَبِكَلَامِ

جو تیرے کلیم ہیں اور بہ طفیل عیسیٰ (علیہ السلام) کے جو روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں اور بہ طفیل کلام

مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ

حضرت موسیٰ کے اور انجیل حضرت عیسیٰ کے اور زبور حضرت داؤد کے اور فرقان

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِكُلِّ

حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اور بہ طفیل ہر وحی کے

وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ اَوْ قَضَاءٍ قَضَيْتَهٗ اَوْ سَآئِلٍ اَعْطَيْتَهٗ

جسے تو نے بھیجا ہو یا ہر حکم (تکوینی) کے جسے تو نے جاری کیا ہو اور بہ طفیل ہر سائل کے جس کو تو نے دیا ہو

اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ اَفْقَرْتَهٗ اَوْ ضَآلٍّ

اور بہ طفیل ہر محتاج کے جس کو تو نے تونگر کیا ہو اور بہ طفیل ہر تونگر کے جسے تو نے محتاج کر دیا ہو اور ہر گمراہ

هَدَيْتَهٗ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ وَضَعْتَهٗ

کے جسے تو نے ہدایت دے دی ہو اور میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ طفیل تیرے اُس نام کے جس کو

عَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ

تو نے زمین پر رکھا اور وہ ٹھہر گئی اور آسمانوں پر رکھا تو وہ

فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَاَسْئَلُكَ

قرار پکڑ گئے اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ جم گئے، اور درخواست کرتا ہوں میں تجھ سے

بِاسْمِكَ الَّذِى اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ وَاَسْئَلُكَ

بہ طفیل اس نام کے جس سے تیرا عرش ٹھہرا ہوا ہے۔ اور درخواست کرتا ہوں میں تجھ سے

بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِىْ كِتَابِكَ

بہ طفیل اُس نام کے کہ وہ پاک ہے اور ستھرا ہے اور تیری کتاب میں تیرے

مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاسْمِكَ الَّذِىْ وَضَعْتَهٗ

پاس سے نازل ہوا ہے اور بہ طفیل تیرے اُس نام کے جسے تو نے دن پر رکھا

عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ

تو وہ روشن ہوگیا اور رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہوگئی اور

وَبِعَظَمَتِكَ وَكِبْرِيَائِكَ وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِيَ

بہ طفیل تیری عظمت اور تیری بڑائی کے اور بہ طفیل تیرے نور ذات کے، کہ تو مجھے قرآنِ عظیم

الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ وَتُخَلِّطَهُ بِلَحْمِيْ وَدَمِيْ وَسَمْعِيْ

نصیب کرے اور اسے میرے گوشت میں اور میرے خون میں اور میری شنوائی میں

وَبَصَرِيْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ بِحَوْلِكَ

اور میری بینائی میں پیوست کردے اور اس پر میرے جسم کو عامل بنادے اپنی قدرت

وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ،

اور قوت سے، بیشک نہ کوئی بچاؤ (معصیت سے) ہے اور نہ کوئی قوت (طاعت) ہی کی ہے مگر تیرے

اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ

ذریعہ سے، یااللہ! تو ہمیں اپنی خفیہ گرفت کی طرف سے بےفکر نہ کردے، اور نہ ہمیں اپنی یاد سے غافل

وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْغَافِلِيْنَ۔

ہونے دے اور نہ ہماری پردہ دری کر اور نہ ہمیں غافلوں میں سے کر۔

١٧٦۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ وَدَفْعَ

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں عافیتِ عاجل کی اور دفعِ

بَلَآئِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَآ اِلٰى رَحْمَتِكَ،

بلا کی اور دنیا سے تیری رحمت کی جانب منتقل ہونے کی،

يَا مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ

اے وہ کہ کافی ہے وہ سب کے عوض اور کوئی بھی کافی نہیں اس کے عوض،

اَحَدٌ يَّا اَحَدَ مَنْ لَّآ اَحَدَ لَهٗ وَيَا سَنَدَ مَنْ لَّا

اے کس بیکسوں کے! اے سہارے بے سہاروں کے!

سَنَدَ لَهٗ اِنْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ نَجِّنِيْ مِمَّا

اُمیدیں منقطع ہوچکی ہیں مگر تجھ سے، مجھے نجات دے اُس حال سے

اَنَا فِيْهِ وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَآ اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ بِيْ

جس میں کہ میں ہوں اور جو بلا کہ نازل ہوچکی ہے اُس کے مقابلہ میں میری مدد کر،

بِجَاهِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ

صدقہ اپنی ذاتِ پاک کا اور محمد ﷺ کے اس حق کے طفیل میں جو تجھ پر ہے،

اٰمِيْنَ۔

آمین۔

۱۷۷۔ اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ

یا اللہ! میری نگہبانی کر اپنی اُس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں

وَاكْنُفْنِيْ بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِيْ

اور مجھ کو اپنی اُس قوت کی آڑ میں لے لے جس کے پاس کوئی نہیں پھٹک سکتا اور مجھ پر اپنی اس قدرت سے

Scanned with CamScanner

بِقُدْرَتِكَ عَلَيَّ فَلَآ اُهْلِكُ وَاَنْتَ رَجَآئِيْ فَكَمْ

رحم کر جو تجھ کو مجھ پر حاصل ہے، تا کہ میں ہلاک نہ ہوں، اور تو ہی میری امید گاہ ہے، کتنی ہی

مِّنْ نِعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ قَلَّ لَكَ بِهَا

نعمتیں تو نے مجھے دیں اور میرا اُن کے لئے شکر

شُكْرِيْ وَكَمْ مِّنْ بَلِيَّةٍ ابْتَلَيْتَنِيْ بِهَا قَلَّ لَكَ

کم ہی رہا، اور کتنی مصیبتیں ہیں جن میں تو نے مجھے بتلا کیا اور میرا صبر اُن پر

بِهَا صَبْرِيْ فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِيْ

کم ہی رہا، پس اے وہ کہ اُس کی نعمت کے وقت میرا شکر کم رہا،

فَلَمْ يَحْرِمْنِيْ وَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ صَبْرِيْ

پھر بھی مجھے محروم نہ کیا اور اے وہ کہ اس کے ابتلاء کے وقت میرا صبر کم رہا

فَلَمْ يَخْذُلْنِيْ وَيَا مَنْ رَّاٰنِيْ عَلَى الْخَطَايَا فَلَمْ

پھر بھی اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا اور اے وہ کہ مجھے گناہوں پر دیکھا پھر بھی

يَفْضَحْنِيْ۔

مجھے فضیحت نہ کیا۔

۱۷۸۔ يَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِيْ لَا يَنْقَضِيْ اَبَدًا وَّيَا

اے ایسے احسان والے جس کا احسان کبھی ختم نہ ہو اور اے ایسے

ذَا النَّعْمَآءِ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی اَبَدًا اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ

نعمتوں والے کہ جس کی نعمتیں کبھی شمار نہ ہوسکیں میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبِكَ اَدْرَأُ فِیْ

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر رحمتِ کاملہ نازل کر، میں تیرے ہی زور پر بھڑ جاتا ہوں دشمنوں

نُحُوْرِ الْاَعْدَآءِ وَالْجَبَابِرَةِ۔

اور زور آوروں کے مقابلے میں۔

۱۷۹۔ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ بِالدُّنْیَا وَعَلٰٓی اٰخِرَتِیْ

یا اللہ! میرے دین پر مدد گار دنیا کو بنا دے اور میری آخرت پر

بِالتَّقْوٰی وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ عَنْهُ وَلَا تَكِلْنِیْٓ اِلٰی

مددگار تقویٰ کو کردے اور تو ہی محافظ رہ میری ان چیزوں کا جو آنکھوں سے دور ہیں اور اُن چیزوں میں جو

نَفْسِیْ فِیْمَا حَضَرْتُهٗ، یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ

میرے پیشِ نظر ہیں تو مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر، اے وہ کہ نہ اسے گناہ نقصان پہنچا سکتے ہیں

وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ

اور نہ اس کے ہاں مغفرت کوئی کمی کرتی ہے، مجھے وہ چیز دے جو تیرے ہاں کمی نہیں کرتی

وَاغْفِرْ لِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ،

معاف کردے مجھے وہ چیز کہ تجھے نقصان نہیں پہنچاتی، بیشک تو ہی بڑا دینے والا ہے،

اَسْئَلُكَ فَرَجًا قَرِيْبًا وَّصَبْرًا جَمِيْلًا وَّرِزْقًا

میں درخواست کرتا ہوں تجھ سے فوری کشائش کی اور صبرِ جمیل کی

وَّاسِعًا وَّالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَاَسْئَلُكَ

اور رزقِ وسیع کی اور جملہ بلاؤں سے امن کی اور میں مانگتا ہوں تجھ سے

تَمَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ

پورا چین اور مانگتا ہوں تجھ سے اس چین کا دوام اور مانگتا ہوں

وَاَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ الْغِنٰى

تجھ سے اُس چین پر توفیقِ شکر اور مانگتا ہوں تجھ سے مخلوق کی طرف سے

عَنِ النَّاسِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

بے احتیاجی اور نہ کوئی بچاؤ ہے (گناہوں سے) اور نہ کوئی قوت ہے (طاعت) کی بجز اللہ بزرگ و

الْعَظِيْمِ۔

برتر کے ذریعہ کے۔

۱۸۰۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ

یا اللہ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر کردے

وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

اور میرے ظاہر کو صالح بنادے، یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں

مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَالْأَهْلِ

اُن اچھی چیزوں کی جو تو لوگوں کو دیتا ہے، مال ہو یا بیوی بچے،

وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَالٍّ وَّلَا مُضِلٍّ۔

میں نہ گمراہ ہوں نہ گمراہ کرنے والا ہوں۔

۱۸۱۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَخَبِيْنَ

یا اللہ! ہمیں منتخب بندوں میں سے کر لے

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ، اَللّٰهُمَّ

جن کے چہرے اور اعضاء روشن ہوں گے اور جو مقبول مہمان ہونگے، یا اللہ!

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ

میں تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جو تجھ پر اطمینان رکھے اور تیرے ملنے کا

بِلِقَآئِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَآئِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَآئِكَ۔

یقین رکھے اور تیری مشیت پر راضی رہے اور تیرے عطیہ پر قناعت رکھے۔

۱۸۲۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَّعَ

یا اللہ! حمد تیرے ہی لئے ہے، ایسی حمد کہ تیری ہمیشگی کے ساتھ وہ بھی ہمیشہ رہے

دَوَامِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے، ایسی حمد کہ تیرے دوام کے ساتھ وہ بھی

خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ
دائم رہے اور تیرے ہی لئے حمد ہے ،ایسی حمد کہ اُس کی انتہا تیری مشیت کے
دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا
اِدھر نہیں اور تیرے ہی لئے حمد ہے، ایسی حمد کہ اس کے قائل کا
يُرِيْدُ قَآئِلُهٗٓ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا
مقصود تمام تر تیری ہی خوشنودی ہے اور تیرے ہی لئے حمد ہے ،ایسی حمد جو
عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ،
ہر پلک جھپکانے اور ہر سانس لینے کے ساتھ ہو،
اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِيْ اِلٰى دِيْنِكَ وَاحْفَظْ مِنْ
یا اللہ! میرے دل کو اپنے دین کی طرف متوجہ کردے اور ہماری حفاظت اِدھر اُدھر سے
وَّرَآئِنَا بِرَحْمَتِكَ ، اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِيْٓ اَنْ اَزِلَّ
رکھ اپنی رحمت کے ساتھ ۔ یا اللہ! مجھے ثابت قدم رکھ کہیں ڈگ نہ جاؤں
وَاهْدِنِيْٓ اَنْ اَضِلَّ۔
اور مجھے ہدایت پر رکھ کہ کہیں گمراہ نہ ہوجاؤں۔
۱۸۳۔ اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ قَلْبِيْ
یا اللہ! تو جس طرح حائل ہے مجھ میں اور میرے دل میں،

فَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الشَّيْطَانِ وَعَمَلِهٖ،

تو حائل رہ مجھ میں اور شیطان اور اس کے کام میں،

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا

یا اللہ! ہمیں اپنا فضل نصیب کر اور ہمیں اپنے رزق سے محروم نہ رکھ

رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَا رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ

اور جو رزق تو نے ہمیں دیا ہے، اس میں برکت دے اور ہمارے دلوں کو

غِنَانَا فِيْ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيْ مَا عِنْدَكَ۔

غنی کردے اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس کی طرف ہمیں رغبت دیدے۔

۱۸۴۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ

یا اللہ! مجھے ان میں کردے جنہوں نے تجھ پر توکل کیا، پس تو اُن کے لئے کافی ہو گیا اور انہوں نے تجھ

وَاسْتَهْدَاكَ فَهَدَيْتَهٗ وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ۔

سے ہدایت چاہی سو تو نے انہیں ہدایت دے دی اور انہوں نے تجھ سے مدد چاہی سو تو نے انہیں مدد دے دی۔

۱۸۵۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِيْ خَشْيَتَكَ

یا اللہ! میرے دل کے وسوسوں کو اپنی خشیت اور اپنی یاد بنا دے

وَذِكْرَكَ وَاجْعَلْ هِمَّتِيْ وَهَوَايَ فِيْمَا

اور میرے شوق اور ہمت کی چیز کو وہی کردے جے

تُحِبُّ وَتَرْضٰى، اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَيْتَنِيْ بِهٖ

تو اچھا سمجھتا ہو اور پسند کرتا ہو، یا اللہ! تو میرا امتحان

مِنْ رَّخَآءٍ وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِيْ بِسُنَّةِ الْحَقِّ

نرمی یا سختی غرض جس چیز سے بھی کرے تو مجھے طریق حق

وَشَرِيْعَةِ الْاِسْلَامِ۔

اور شریعتِ اسلام پر جمائے رکھ۔

۱۸۶۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِي

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں جملہ اشیاء میں نعمت کے

الْاَشْيَآءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَيْهَا حَتّٰى تَرْضٰى

پورے ہونے کی اور اُن پر تیرے شکر کی توفیق پانے کی یہاں تک کہ تو خوش ہوجائے

وَبَعْدَ الرِّضٰى الْخِيَرَةَ فِيْ جَمِيْعِ مَا يَكُوْنُ

اور بعد خوش ہوجانے کے، میرے لئے انتخاب کردے تمام ایسی چیزوں میں جن میں

فِيْهِ الْخِيَرَةُ وَلِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْاُمُوْرِ

انتخاب ہوتا ہے اور انتخاب بھی سب ہی آسان کاموں کا،

كُلِّهَا لَا بِمَعْسُوْرِهَا يَا كَرِيْمُ۔

نہ کہ دشوار کاموں کا، اے کریم!

۱۸۷۔ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ

یا اللہ! صبح کے نکالنے والے !اور رات کو آرام کا وقت بنانے والے!

سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا قَوِّنِيْ عَلَى

اور سورج اور چاند کو وقت کا مقیاس بنانے والے! مجھے اپنی راہ میں

الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ۔

جہاد کی قوت دے۔

۱۸۸۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ

یا اللہ! تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور تیری مخلوق کے ساتھ تیرے

اِلٰى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ

برتاؤ میں اور تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور ہمارے گھر والوں کے ساتھ

اِلٰى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ

تیرے برتاؤ میں اور تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور خاص ہماری جانوں کے ساتھ

اِلٰى اَنْفُسِنَا خَاصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا

تیرے برتاؤ میں اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں ہدایت دی

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَآ اَكْرَمْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا

اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں عزت دی اور تیرے ہی لئے حمد ہے کہ تو نے ہماری

Scanned with CamScanner

سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ الْحَمْدُ

پردہ پوشی کی اور تیرے ہی لئے حمد ہے قرآن پر اور تیرے ہی لئے حمد ہے

بِالْاَهْلِ وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ

اہل ومال پر اور تیرے ہی لئے حمد ہے درگذر کرنے پر اور تیرے ہی لئے حمد ہے یہاں تک کہ تو خوش

الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا رَضِيْتَ

ہوجائے اور تیرے ہی لئے حمد ہے جب کہ تو خوش ہوجائے، اے وہ کہ جس ذات سے ڈرنا چاہئے

يَا اَهْلَ التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ۔

اور اے وہ کہ تو ہی مغفرت کرسکتا ہے۔

۱۸۹۔ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِىْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى مِنَ

یا اللہ! مجھے اس چیز کی توفیق دے جسے تو اچھا سمجھے

الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَالْفِعْلِ وَالنِّيَّةِ وَالْهُدٰى اِنَّكَ

خواہ وہ قول ہو یا عمل یا فعل یا نیت یا طریق، بیشک

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔

تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

۱۹۰۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ خَلِيْلٍ مَّاكِرٍ عَيْنَاهُ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں مکار دوست سے جس کی آنکھیں

تَرَيَانِيْ وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِيْ اِنْ رَّاٰى حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ

تو مجھے دیکھتی ہوں اور اس کا قلب مجھے چرے لیتا ہو، اگر وہ بھلائی دیکھے تو اُسے دبادے اور بُرائی

رَّاٰى سَيِّئَةً اَذَاعَهَا ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ

دیکھے تو اس کا چرچا کرے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں

الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

آتا ہوں شدتِ فقر سے اور شدتِ محتاجی سے۔ یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں

اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ

ابلیس اور اس کے لشکر سے ،یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں عورتوں کے

النِّسَآءِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ تَصُدَّ عَنِّيْ

فتنہ سے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ تو قیامت کے دن

وَجْهَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ

مجھ سے منہ پھیرلے، یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنْ كُلِّ عَمَلٍ يُّخْزِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ

ہر اُس عمل سے جو مجھے رسوا کرے اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے

صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ

ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے منصوبہ سے

Scanned with CamScanner

يُلْهِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ

جو مجھے غافل کردے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے فقر سے جو مجھے ہول میں ڈال دے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ،

اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسی دولت سے جو میرا دماغ چلادے،

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں فکر کی موت سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ۔

اور تیری پناہ میں آتا ہوں غم کی موت سے۔

Scanned with CamScanner

# المنزل السابع، يوم الجمعة

ساتویں منزل، بروز جمعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

۱۹۱۔ يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ، اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا

اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! یا اللہ! اے بڑائی والے! اے

سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا

سننے والے! اے دیکھنے والے! اے وہ کہ جس کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ

وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَ

مشیر! اے آفتاب و ماہتابِ روشن کے پیدا کرنے والے! اور

يَا عِصْمَةَ الْبَآئِسِ الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ

اے مصیبت زدہ، ترساں وپناہ جو کے پناہ! اور اے ننھے بچہ کی روزی

الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ

پہنچانے والے! اور اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے والے! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں

دُعَآءَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ

مصیبت زدہ محتاج کی سی درخواست، بیقرار آفت زدہ کی سی درخواست

أَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ

تجھ سے سوال کرتا ہوں، تیرے عرش کے بند ہائے عزت کے واسطہ سے اور تیری کتاب کی کلید ہائے

مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْأَسْمَاءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى قَرْنِ

رحمت کے واسطہ سے اور ان آٹھ ناموں کے واسطہ سے جو رُخِ آفتاب پر لکھے ہوئے ہیں،

الشَّمْسِ أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ۔

یہ کہ قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے غم کی کشائش بنادے۔

۱۹۲۔ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا كَذَا وَكَذَا يَا مُؤْنِسَ

اے ہمارے پرودگار! ہمیں دنیا میں فلاں فلاں چیز عطا کر، اے غمگسار! ہر

كُلِّ وَحِيْدٍ وَّيَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ وَّيَا قَرِيْبًا

اکیلے کے اور اے رفیق ہر تنہا کے! اور اے ایسے قریب جو

غَيْرَ بَعِيْدٍ وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ وَّيَا غَالِبًا

بعید نہیں! اور اے ایسے حاضر جو غائب نہیں! اور اے ایسے غالب جو

غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

مغلوب نہیں! اور یاحیّ یا قیوم! اے بزرگی اور عظمت والے!

يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَيَا زَيْنَ السَّمٰوٰتِ

اور اے آسمانوں اور زمین کے نور، اور اے آسمانوں اور زمین کی زینت!

Scanned with CamScanner

وَالْاَرْضِ يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا عِمَادَ

اے انتظام رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے! اور اے آسمانوں اور زمین کے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تھامنے والے! اور اے آسمانوں اور زمین کے موجد!

وَيَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اور اے آسمانوں اور زمین کے قائم رکھنے والے! اور اے بزرگی اور عظمت والے!

يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَمُنْتَهَى الْعَآئِذِيْنَ

اے فریادیوں کے دادرس! اور پناہ مانگنے والوں کی آخری دوڑ!

وَالْمُفَرِّجُ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ وَالْمُرَوِّحُ عَنِ

اور بے چینوں کے کشائش دینے والے! اور غمزدوں کے راحت دینے والے!

الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبَ دُعَآءِ الْمُضْطَرِّيْنَ

اور بے قراروں کی دعا کے قبول کرنے والے! اور

وَيَا كَاشِفَ الْمَكْرُوْبِ يَآ اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَيَآ

اے صاحبِ کرب کو شفا دینے والے! اے الہٰ العالمین! اور اے

اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ

ارحم الراحمین! تیرے ہی سامنے ہر حاجت پیش ہے ۔

۱۹۳۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِيمٌ اِنَّكَ سَمِيعٌ

یا اللہ! تو خالقِ اعظم ہے، تو سب کچھ سنتا،

عَلِيمٌ، اِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ، اِنَّكَ رَبُّ الْعَرْشِ

سب کچھ جانتا ہے، تو غفور ہے، تو رحیم ہے، تو ہی عرشِ عظیم کا

الْعَظِيمِ، اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ الْبَرُّ الْجَوَادُ الْكَرِيمُ

مالک ہے، یا اللہ! تو محسن ہے، صاحبِ جود ہے، صاحبِ کرم ہے،

اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي وَاسْتُرْنِي

تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر اور مجھے چین دے اور مجھے روزی دے اور میری پردہ پوشی کر

وَاجْبُرْنِي وَارْفَعْنِي وَاهْدِنِي وَلَا تُضِلَّنِي

اور میرے نقصان کو پورا کردے اور مجھے بلندی دے اور مجھے ہدایت دے اور مجھے گمراہ نہ کر

وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

اور مجھے جنت میں اپنی رحمت سے داخل کردے، اے ارحم الراحمین!

اِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِي وَفِي نَفْسِي لَكَ

اے میرے پروردگار! مجھے اپنا بنالے اور میرے دل میں اپنے مقابلہ میں فرمانبرداری ڈال دے

فَذَلِّلْنِي وَفِي اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِي وَمِنْ

اور لوگوں کی نظر میں مجھے معزز کردے اور بُرے اخلاق سے

سَيِّئِ الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِيْ، اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَاَلْتَنَا

مجھے بچادے، یا اللہ! تو نے ہماری ذات سے اُن اعمال کو

مِنْ اَنْفُسِنَا مَا لَا نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا

طلب کیا ہے جن پر ہم کوئی اختیار بغیر تیری توفیق کے نہیں رکھتے تو تو ہمیں ان میں سے اس عمل کی

مِنْهَا مَا يُرْضِيْكَ عَنَّا.

توفیق دے دے، جو تجھے ہم سے رضا مند کردے۔

۱۹۴۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا دَائِمًا وَّ اَسْئَلُكَ

یا اللہ! میں تجھ سے طلب کرتاہوں ہمیشہ رہنے والا ایمان اور تجھ سے طلب کرتاہوں

قَلْبًا خَاشِعًا وَّ اَسْئَلُكَ يَقِيْنًا صَادِقًا وَّ اَسْئَلُكَ

خشوع والا دل اور تجھ سے طلب کرتا ہوں سچا یقین اور تجھ سے طلب کرتاہوں

دِيْنًا قَيِّمًا وَّ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّ

دینِ مستقیم اور تجھ سے طلب کرتا ہوں ہر بلا سے امن

اَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَ اَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى

اور تجھ سے طلب کرتا ہوں امن کا دوام اور تجھ سے طلب کرتاہوں امن پر

الْعَافِيَةِ وَ اَسْئَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ،

(توفیقِ) شکر اور تجھ سے طلب کرتاہوں خلق کی طرف سے بے نیازی،

Scanned with CamScanner

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ

یا اللہ! تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس گناہ کی جس سے میں نے توبہ کی ہو

ثُمَّ عُدْتُّ فِيْهِ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَآ اَعْطَيْتُكَ مِنْ

اور پھر لوٹ کر اس کو کیا ہو اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اُس عہد کی جو میں نے اپنی جانب سے

نَّفْسِیْ ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ

دیا ہو اور پھر اس کو وفا نہ کیا ہو اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اُن نعمتوں کے بارہ میں جن سے

الَّتِیْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ

میں نے قوت حاصل کر کے اُسے تیری نافرمانی میں لگایا اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اُس

لِكُلِّ خَيْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ فَخَالَطَنِیْ

نیکی کے بارے میں کہ میں نے اسکو خالصۃً تیرے لئے کرنا چاہا پھر اُس میں اُن چیزوں کی آمیزش کر لی

فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ، اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَاِنَّكَ بِیْ

جو صرف تیرے لئے نہ تھیں، یا اللہ! مجھے رسوا نہ کرنا، بیشک تو مجھے

عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِیْ فَاِنَّكَ عَلَیَّ قَادِرٌ۔

خوب جانتا ہے اور مجھ پر عذاب نہ کرنا، بیشک تو مجھ پر ہر طرح قدرت رکھتا ہے۔

۱۹۵۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ

یا اللہ! ساتوں آسمانوں کے مالک اور عرشِ عظیم کے

Scanned with CamScanner

الْعَظِيْمِ، اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ

مالک، یا اللہ! تو میرے لئے ہر مہم میں کافی ہو جا جس طرح تو چاہے

شِئْتَ وَمِنْ اَيْنَ شِئْتَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ

اور جس جگہ سے تو چاہے۔ کافی ہے مجھے اللہ میرے دین کے لئے ، کافی ہے

حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدُنْيَايَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَآ اَهَمَّنِيْ

مجھے اللہ میری دنیا کے لئے۔ کافی ہے مجھے اللہ میری فکروں کے لئے، کافی ہے

حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ

مجھے اللہ اُس شخص کے مقابلہ کے لئے جو مجھ پر زیادتی کرے، کافی ہے مجھے اللہ اُس شخص کے لئے

حَسَدَنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْٓءٍ حَسْبِيَ

جو مجھ سے حسد کرتا ہو، کافی ہے مجھے اللہ اُس شخص کے لئے جو مجھے بُرائی کے ساتھ دھوکا دیتا ہے،

اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْاَلَةِ

کافی ہے مجھے اللہ موت کے وقت، کافی ہے مجھے اللہ سوالِ

فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ

قبر کے وقت، کافی ہے مجھے اللہ میزان (حشر) کے پاس، کافی ہے مجھے اللہ

عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ

صراط (محشر) کے پاس، کافی ہے مجھے وہ اللہ کہ کوئی معبود نہیں ہے سوا اُس کے،

Scanned with CamScanner

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

اُسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

۱۹۶۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اجر شکر گذاروں کا سا

وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَمُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ وَيَقِيْنَ

اور مہمانداری مقرّبین کی سی اور رفاقت انبیاء (علیہم السلام) کی اور اعتقاد

الصِّدِّيْقِيْنَ وَذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ

صدّیقوں کا سا اور خاکساری اہل تقویٰ کی سی اور خشوع اہل یقین کا سا

حَتّٰى تَوَفَّنِيْ عَلٰى ذٰلِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

یہاں تک کہ تو اسی حال پر مجھے اُٹھالے، اے سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحیم۔

۱۹۷۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِقَةِ

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ واسطہ اس انعام کے جو سابق میں

عَلَيَّ وَبَلَآئِكَ الْحَسَنِ الَّذِی ابْتَلَيْتَنِیْ بِهٖ

مجھ پر رہا ہے اور بہ واسطہ اس اچھے امتحان کے جو تو نے لے لیا ہے

وَفَضْلِكَ الَّذِیْ فَضَّلْتَ عَلَيَّ اَنْ تُدْخِلَنِیْ

اور بہ واسطہ اس فضل کے جو تو نے مجھ پر کیا ہے، اس کی کہ تو مجھے اپنے احسان اور

الْجَنَّةَ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ۔

فضل و رحمت سے جنت میں داخل کرے۔

۱۹۸۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّهُدًى

یا اللہ! میں تجھ سے طلب کرتا ہوں ایمانِ دائم اور ہدایتِ

قَيِّمًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا۔

محکم اور علم نفع بخش۔

۱۹۹۔ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِفَاجِرٍ عِنْدِیْ نِعْمَةً

یا اللہ! کسی بدکار کا مجھ پر احسان نہ ہونے دے کہ مجھے

اُكَافِيْهِ بِهَا فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

دنیا اور آخرت میں اس کا معاوضہ کرنا پڑے۔

۲۰۰۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ خُلُقِیْ

یا اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے اخلاق کو وسیع کردے

وَطَيِّبْ لِیْ كَسْبِیْ وَقَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَلَا

اور میری آمدنی کو حلال رکھ اور جو کچھ تو نے مجھے دے رکھا ہے بس اس پر مجھے قانع کردے اور اُس

تُذْهِبْ طَلَبِیْ اِلٰى شَیْءٍ صَرَفْتَهٗ عَنِّیْ۔

چیز کی طرف میری طلب ہی کو نہ لے جا جو تو نے مجھ سے ہٹالی ہو۔

۲۰۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَجِيْرُكَ مِنْ جَمِيْعِ كُلِّ شَيْءٍ

یا اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں تمام اُن چیزوں سے جو تونے

خَلَقْتَ وَاحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ

پیدا کی ہیں اور اُن سے تیری حفاظت میں آتا ہوں اور میرے لئے اپنے ہاں دخل

وَلِيْجَةً وَّاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ

پیدا کردے اور میرے لئے اپنے ہاں تقرب اور حسنِ مراجعت پیدا کردے

وَّاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ

اور مجھے اُن لوگوں میں سے کردے جو تیرے سامنے کھڑے ہونے سے اور تیری وعید سے ڈرتے ہیں

وَيَرْجُوْا لِقَآئَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ اِلَيْكَ

اور تیرے دیدار کی تمنا رکھتے ہیں اور مجھے اُن لوگوں میں سے کردے جو تیری طرف توجہ خالص کے ساتھ

تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّاَسْاَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّعِلْمًا

رجوع کرتے ہیں اور تجھ سے طلب رکھتا ہوں عملِ مقبول کی اور علمِ کارآمد کی

نَّجِيْحًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ۔

اور سعی مشکور کی اور تجارتِ کامیاب کی۔

۲۰۲۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتاہوں کہ دوزخ سے میری جاں بخشی

النَّارِ، اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

کردی جائے، یا اللہ! میری مدد کر موت کی بے ہوشیوں

وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ۔

اور سختیوں پر۔

۲۰۳۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ

یا اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے اعلیٰ رفیقوں کے

بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰی۔

ساتھ جاملا۔

۲۰۴۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ تیرے ساتھ کچھ بھی شریک کروں

شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ

درآنحالیکہ اُسے جان رہا ہوں، اور تجھ سے اُس (شرک) کی معافی چاہتا ہوں جسے نہ جانتا ہوں

وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَیَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا،

اور تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ مجھے کوئی رشتہ دار بددعا دے جسکی میں نے حق تلفی کی ہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِیْ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اُس حیوان کے شر سے جو پیٹ کے بل

Scanned with CamScanner

عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِىْ عَلٰى

چلتا ہے، اور اس حیوان کے شر سے جو دو پیروں سے

رِجْلَيْنِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِىْ عَلٰى اَرْبَعٍ،

چلتا ہے اور اُس حیوان کے شر سے جو چار پیروں سے چلتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنِ امْرَاَةٍ تُشَيِّبُنِىْ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں ایسی عورت سے جو مجھے بڑھاپے سے قبل ہی

قَبْلَ الْمَشِيْبِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّلَدٍ يَّكُوْنُ

بوڑھا کردے۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں ایسی اولاد سے

عَلَىَّ وَبَالًا وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ عَلَىَّ

جو مجھ پر وبال ہو، اور تیری پناہ میں آتا ہوں ایسے مال سے جو میرے حق میں عذاب ہوجائے۔

عَذَابًا، اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّكِّ فِى الْحَقِّ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں حق بات میں اعتقاد کے بعد شک

بَعْدَ الْيَقِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

لانے سے۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ يَوْمِ الدِّيْنِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

اور تیری پناہ میں آتاہوں روزِ جزا کی سختی سے۔ یا اللہ! میں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْفُجَآءَةِ وَمِنْ لَّدْغِ

تیری پناہ میں آتا ہوں موتِ ناگہانی سے اور سانپ کے

الْحَيَّةِ وَمِنَ السَّبُعِ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ

کاٹنے سے، اور درندے سے، اور ڈوبنے سے اور جل جانے سے

وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰى شَيْءٍ وَّمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ

اور اس سے کہ کسی چیز پر گر پڑوں اور لشکر کے بھاگنے کے

فِرَارِ الزَّحْفِ ثُمَّ يَقُوْلُ بَعْدَ الْخَتْمِ وَتَقَبَّلْ

وقت مارے جانے سے۔ پھر ان دعاؤں کے ختم کے بعد کہے، ان دعاؤں کو

هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ فِيْ حَقِّ مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِيْ

قبول فرما حضرت مولانا محمد اشرف علیؒ (مؤلف کتاب)

وَعَبْدِ الْوَاسِعِ وَمُحَمَّدْ مُصْطَفٰى وَمُحَمَّدْ عَلِيْ

اور مولوی عبدالواسع مرحوم (ناظم ترجمہ) اور مولوی حکیم محمد مصطفیٰ مرحوم (مترجم اول) اور محمد علی مرحوم (ساعی ترجمہ)

وَمُحَمَّدْ شَفِيْعِ وَعَبْدِ الْمَاجِدِ وَفِيْ حَقِّ

اور مولانا محمد شفیع دیوبندی اور عبدالماجد دریابادی (مترجم ثانی) کے حق میں اور اُن کے والدین

اٰبَآئِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ وَجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور جملہ ایمان والوں اور ایمان والیوں کے حق میں۔

وَالْمُؤْمِنَاتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِ

اور حق تعالیٰ رحمت کامل نازل فرمائے سردار کائنات

الْكَائِنَاتِ وَأَكْرَمِ الْمَخْلُوقَاتِ صَلٰوةً تَسْبِقُ

اور بہترین مخلوقات پر، ایسی رحمت کہ جس کی کوئی

الْغَايَاتِ۔

حد ونہایت نہ ہو۔

☆……☆……☆

# چالیس مسنون دعائیں

## صبح کو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔

اے اللہ! تیری ہی قدرت سے ہم صبح کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے ہم جیتے اور مرتے ہیں اور تیری ہی طرف جانا ہے۔ (ترمذی:۳۳۹۱)

## سورج نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا۔

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے آج ہمیں معاف رکھا اور گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہ فرمایا۔ (مسلم:۱۹۱۱)

## شام کو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ۔

اے اللہ! ہم تیری ہی قدرت سے شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے صبح کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے جیتے اور مرتے ہیں اور مرے پیچھے جی اٹھ کر تیری ہی طرف جانا ہے۔ (ترمذی:۳۳۹۱)

## صبح اور شام کی ایک خاص دعا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو بندہ ہر

Scanned with CamScanner

صبح وشام تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے تو اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائے گی۔ دوسری روایت میں ہے کہ اسے کوئی ناگہانی بلا نہ پہنچے گی۔ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

اللہ کے نام سے (ہم نے صبح کی یا شام کی) جس کے نام کے ساتھ آسمان یا زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ (ترمذی: ۳۳۸۸)

## سوتے وقت پڑھنے کی چیزیں

جب سونے کا ارادہ کرے تو وضو کرلیوے اور اپنا بستر جھاڑ لیوے پھر داہنی کروٹ پر لیٹ کر سر کے نیچے داہنا ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ۔

اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچائیو جس روز تو اپنے بندوں کو جمع فرمائیگا۔ (ابوداود: ۵۰۴۵)

## یا یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا۔

اے اللہ! میں تیرا ہی نام لے کر مرتا اور جیتا ہوں۔ (بخاری ۶۳۱۴)

اور سوتے وقت یہ بھی پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۴ بار۔ (بخاری: ۶۳۱۸)

## جب سوکر اٹھے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا

سب تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں

Scanned with CamScanner

بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ۔

موت دے کر زندگی بخشی اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔ (بخاری:۶۳۱۴)

## جب بیت الخلا جائے تو داخل ہونے سے پہلے بِسْمِ اللهِ کہے اور یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنوں سے مرد ہوں یا عورت۔

(بخاری:۶۳۲۲)

## اور جب بیت الخلا سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنِّي الْاَذٰى وَعَافَانِيْ۔

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا۔

(ابن ماجہ:۳۰۱)

## جب وضو کرنا شروع کرے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

(ابوداود:۱۰۱)

## جب وضو کر چکے تو یہ دعا پڑھے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ تنہا ہے اسکا کوئی شریک نہیں ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، اے اللہ! مجھے بہت توبہ

وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ۔ کرنے والوں میں اور خوب پاک رہنے والوں میں شامل فرمادے۔ (ترمذی:۵۵)

## جب مسجد میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔ اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھولدے۔ (مسلم:۱۶۵۲)

## مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ (الاذکار للنووی:ص ۷۷)

## جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں (مسلم:۱۶۵۲)

## جب اذان کی آواز سنے

تو جو مؤذن کہتا جائے وہی کہے اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہے۔ (بخاری:۶۱۱، ۶۱۳)

## اور اذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَةَ اے اللہ! اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد ﷺ کو وسیلہ (جو جنت کا ایک درجہ ہے) عطا فرما اور ان کو

وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ (اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔)(۱)

فضیلت عطا فرما اور ان کو اس مقامِ محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ (بخاری:۶۱۴)
(بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے)

## فرض نماز کا سلام پھیر کر سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحَزَنَ۔(۲)

میں نے اللہ کے نام کے ساتھ (نماز ختم کی) جس کے سوا کوئی معبود نہیں (اور) جو رحمٰن ورحیم ہے، اے اللہ! تو مجھ سے فکر ورنج کو دور کردے۔
(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد:۱۶۹۷۱)

## پھر تین بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ کہے اور یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

اے اللہ! تو سلامت رہنے والا ہے اور تجھ ہی سے سلامتی مل سکتی ہے تو بابرکت ہے اے بزرگی اور عظمت والے!
(نسائی:۱۷۵۳)

## نمازِ وتر پڑھ کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ۔

میں پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ یعنی اللہ کی جو بہت زیادہ پاک ہے۔
(ابوداود:۱۴۳۰)

تیسری بار باآوازِ بلند کہے اور قدوس کی دال کو خوب کھینچے۔

---

(۱) قوسین والے الفاظ السنن الکبریٰ للبیہقی (۱۹۳۳) کی روایت میں ہیں۔

(۲) دعا کے یہی الفاظ حدیث کی کتابوں میں ملتے ہیں، اس دعا میں کچھ الفاظ لوگوں میں بڑھے ہوئے مشہور ہیں۔

Scanned with CamScanner

## نمازِ فجر اور مغرب کے بعد

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے اگر سات مرتبہ تم نے

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ۔ (۱) اے اللہ مجھے دوزخ سے محفوظ فرمادے۔

(ابوداود:۵۰۷۹)

پڑھ لیا تو اس دن یا اس رات میں مرجاؤ گے تو تمہاری دوزخ سے ضرور خلاصی ہوگی۔

## جب گھر سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

میں اللہ ہی کا نام لیکر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

(ترمذی:۳۴۲۶)

## گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا۔

اے اللہ! میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں ۔ ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور اللہ کا نام لے کر نکلے اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔

(ابوداود:۵۰۹۶)

اس کے بعد گھر والوں کو سلام کرے۔

## جب بازار میں جائے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا، اے اللہ! میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس

(۱) دعا کے یہی الفاظ حدیث کی کتابوں میں ملتے ہیں ، اس دعا میں کچھ الفاظ لوگوں میں بڑھے ہوئے مشہور ہیں۔

خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّمَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْصَفْقَةً خَاسِرَةً۔

کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں ٹوٹا (نقصان) اٹھاؤں۔ (مستدرک حاکم:۱۹۷۷)

## جب کھانا شروع کرے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَبَرَكَةِ اللّٰهِ۔

میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت سے کھانا شروع کیا۔ (مستدرکِ حاکم:۷۰۸۴)

## شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ کہنا بھول گیا تو یاد آنے پر یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔

میں نے اس کے اول وآخر میں اللہ کا نام لیا۔ (مستدرکِ حاکم:۷۰۸۹)

حدیث شریف میں ہے کہ جس کھانے پر بِسْمِ اللّٰهِ نہ پڑھی جائے شیطان کو اس میں ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔ (مسلم:۵۲۵۹)

## جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ.

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔ (ترمذی:۳۴۵۷)

## دودھ پی کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔ اے اللہ! تو اس میں ہمارے لئے برکت دے اور یہ ہم کو اور زیادہ نصیب فرما۔ (ترمذی:۳۴۵۵)

## جب کسی کے یہاں دعوت کھائے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ۔ اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔ (مسلم:۵۳۶۲)

## جب میزبان کے گھر سے چلنے لگے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔ اے اللہ! ان کے رزق میں برکت دے اور ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما۔ (ابوداود:۳۷۲۹)

## جب روزہ افطار کرے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔ اے اللہ! میں نے تیرے ہی لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی دیئے ہوئے رزق سے روزہ کھولا۔ (ابوداود:۲۳۵۸)

## افطار کے بعد یہ دعا پڑھے

ذَهَبَ الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔ پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہو گئیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ ثواب ثابت ہو چکا۔ (ابوداود:۲۳۵۷)

## اگر کسی کے یہاں افطار کرے تو یہ دعا پڑھے

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔

تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں اور نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔ (ابوداود:۳۸۵۴)

## جب کپڑا پہنے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ۔

سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور نصیب کیا بغیر میری کوشش اور قوت کے۔ (ابوداود:۴۰۲۳)

## جب نیا کپڑا پہنے تو یہ کہے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ اَسْأَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ۔

اے اللہ! تیرے ہی لئے سب تعریف ہے، تو نے ہی یہ کپڑا مجھے پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے اور میں تجھ سے اس کی برائی اور اس چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے۔ (ترمذی:۱۷۶۷)

## جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، اے اللہ! جیسے تو نے میری صورت اچھی بنائی ہے

خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ۔

میرے اخلاق بھی اچھے کر دے۔
(عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی: ۱۶۳)

## دولھا کو ان الفاظ سے مبارکباد دے

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ۔

اللہ تجھے برکت دیوے اور تجھ پر برکت نازل کرے اور تم دونوں کا خوب نباہ کرے۔
(ترمذی: ۱۰۹۱)

## شب قدر میں یوں دعا مانگے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ۔

اے اللہ! تو معاف فرمانے والا ہے، معافی کو پسند فرماتا ہے لہذا مجھے معاف فرمادے
(ترمذی: ۳۵۱۳)

## جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ۔

اے اللہ! تو ہمارے اوپر برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ اسے نکالا رکھ، (اے چاند!) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔
(ترمذی: ۳۴۵۱)

## کسی مسلمان کو ہنستا دیکھے تو یوں دعا دے

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ۔

اللہ تجھے ہنستا رہے۔ (بخاری: ۳۶۸۳)

## کسی مریض مسلمان کی عیادت کو جائے تو یوں تسلی دے

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔

کچھ ڈر نہیں ان شاء اللہ یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔ (بخاری:۳۶۱۶)

## جب سواری پر بیٹھ جائے تو یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ۝ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۝۔

اللہ پاک ہے جس نے اس کو ہمارے قبضے میں دے دیا اور ہم اس کی قدرت کے بغیر اسے قبضے میں کرنے والے نہ تھے اور بلا شبہ ہم کو اپنے رب کی طرف ضرور جانا ہے۔ (الزخرف:۱۳،۱۴)

## کسی منزل (ریلوے اسٹیشن، بس اسٹاپ) پر اترے تو یہ دعا پڑھے

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

اللہ کے پورے کلموں کے واسطے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس کی مخلوق کے شر سے۔ (ترمذی:۳۴۳۷)

## جب قبرستان میں جائے تو یہ دعا پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ۔

اے قبروں والو! تم پر سلام ہو۔ اللہ ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے تم ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم بعد میں آنے والے ہیں۔ (ترمذی:۱۰۵۳)

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

Scanned with CamScanner

# سَیِّدُ الاِسْتِغْفَار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ ط اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّمَا صَنَعْتُ ط اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُالذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ط (بخاری شریف جلد۲، صفحہ۹۳۲/۹۳۳)

ترجمہ:- اے اللہ آپ ہی میرے رب ہیں آپ کے علاوہ کوئی بھی عبادت کے لائق نہیں آپ ہی نے مجھ کو پیدا کیا اور میں آپ کا ہی بندہ ہوں اور جہاں تک مجھ سے ہو سکا میں آپ کے عہد اور آپ کے وعدہ پر قائم ہوں اور اپنے اعمال کی بُرائی سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں اور آپ کے سامنے آپ کی نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں۔ اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں پس آپ مجھے بخش دیجئے کیونکہ میرے گناہوں کو آپ کے علاوہ اور کوئی معاف نہیں کرسکتا۔

Scanned with CamScanner

# بیس لاکھ نیکیاں

حضرت عبداللہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ کلمہ ایک مرتبہ پڑھ لے اللہ تعالیٰ اس کو بیس لاکھ نیکیاں عطا فرمائے گا۔ (الترغیب والترھیب ص ۲۴۹)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

Scanned with CamScanner

# جمعہ کا ایک خاص درود شریف

حضور ﷺ نے فرمایا کہ: جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اَسّی ۸۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے، اس کے اَسّی سال کے گناہ معاف ہونگے اور اَسّی سال کا ثواب اس کیلئے لکھا جائے گا۔

(فضائل درود شریف ص ۳۹)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ
نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ
تَسْلِیْمًا ط

Scanned with CamScanner